نمکیات اور ست نکالنے کا طریقہ اور فوائد

خواص نمکیات

بیاض معظم علی

حکیم معظم علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خواص نمکیات (بیاض معظم علی)

اظہار تشکر

سب سے پہلے میں اللہ پاک کا بے حد شکر ادا کرتا ہوں

جس نے مجھ سے اس کتاب کو لکھنے کا کام لیا اور علم الادویہ سے میرے سینے کو منور کیا۔

اس کتاب میں جتنے بھی نسخہ جات لکھے گئے ہیں یہ سب مجرب ہیں۔

دعا ہے کہ اس کتاب کو اللہ پاک لوگوں کے لئے اور ہمارے دین و دنیا کے لیے نافع بنائے۔ آمین

جو انسان بھی ان نسخہ جات کو بنا کر فائدہ حاصل کرے وہ میری بخشش کے لیے دعا کرے۔

تمام نسخہ جاتے صرف حکماء کرام کے لیے ہیں، غیر طبیب یعنی جو طب و حکمت نہیں جانتے وہ معالج حکیم کے مشورے سے بنائیں۔ سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ ورنہ نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔ جزاک اللہ

آپ کی دعاؤں کا طلب گار

حکیم محمد معظم علی (ماہر نمکیات)

www.tabeebpedia.com

معظم علی فریش ہربل نمکیات وست

ہر قسم کے نمکیات وست آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ فریش شیر مدار سپلائی کیا جاتا ہے۔ ہمارے ہاں نمکیات (کھاریں) بنانے کے لئے مختلف جڑی بوٹیوں کی راکھ آرڈر پر تیار کی جاتی ہے۔

حکیم معظم علی فریش ہربل نمکیات سپلائیر

کسی بھی جڑی بوٹی کا نمک بنانے کا مکمل طریقہ

جس بھی ہربل کا نمک آپ بنانا چاہتے ہیں اس کا پودا جب جوان ہو جوبن پہ ہو تب اکھاڑ کر لائیں۔ اس کو اچھی طرح پانی سے دھو کر مٹی سے پاک صاف کر کے اس کو سائے میں خشک کر لیں۔ پنکھے کے نیچے یا 50 پرسنٹ دھوپ میں باقی 50 فیصد چھاؤں میں مکمل خشک کر کے اس کو صاف ستھری پکی جگہ پر رکھ کر آگ لگا دیں۔ یہ راکھ بن جائے گی۔ ایک دن پڑا رہنے دیں۔ اگلے دن چھاننی سے راکھ چھان لیں۔ دیکھیں اگر سفیدی مائل خاکستر ہے تو ٹھیک ہے ورنہ بہتر ہے ایک بار مزید کڑاہی میں ڈال کر اس کو دوبارہ آگ دیں۔ راکھ جب ٹھنڈی ہو جائے تو اس کا وزن کر لیں۔ ایک کلو راکھ ہے تو آٹھ لیٹر پانی ڈال کر اس کو بھگو دیں۔ روز تین سے چھ بار لازمی اس کو ہلائیں۔ مسلسل گیارہ دن یہ عمل کرنا ہے۔

راکھ کو ہر روز گیارہ دن تک مسلسل ہلانا ہے۔ گیارہ دن بعد اس کو دو دن یوں ہی پڑا رہنے دیں۔ گیارہ دن کے بعد اس کو دو دن ہلانا نہیں ہے۔ راکھ کو نیچے بیٹھنے دیں۔ جب راکھ مکمل طور پر نیچے بیٹھ جائے تو اس کا پانی اوپر سے نتھار لیں۔ بڑے آرام سکون سے کہ راکھ کے ذرات نہ آئیں۔ اس کے بعد اس پانی کو روئی کی لمبی بتی بنا کر اس کو مقطر کر لیں صاف برتین میں یہ مقطر کرنے کا عمل کم از کم دو بار لازمی کریں۔ ہر بار روئی نئی استعمال کرنی ہے۔ اس کے بعد اس مقطر پانی کو سٹیل کی کڑاہی میں ڈالیں اور چولہے پر رکھ دیں اور نیچے درمیانی آگ جلائیں۔ آگ زیادہ تیز نہ ہو۔

یہ پانی جب خشک ہوتے ہوتے دو لیٹر رہ جائے تو اس پانی والی کڑاہی کو اتار لیں۔ سائیڈ پر سنبھال کر رکھ لیں اور ایک الگ کڑاہی لیں اور اس میں دو تین کلو ریت ڈالیں۔ اس کو ریت والی کڑاہی کو آگ پر رکھیں جب ریت فل گرم ہو جائے تو مقطر پانی جو دو کلو بچا ہے کڑاہی میں وہ اس گرم ریت کے اوپر رکھیں۔ نیچے آگ جلنے دیں۔ اب یہ سارا پانی ریت جنتر کے ذریعے مکمل خشک کرنا ہے۔ سارا پانی خشک ہو جائے گا۔ نیچے صرف نمک کی پرتیں ملیں گی۔ یہی آپ کا خالص نمک ہے۔ اس کو کھرل کرکے کسی نوکدار چمچ سے اس کو نکال کر کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ اس کے بعد اس کو کپڑ چھان کر لیں اور شیشے کے ایئر ٹائٹ جار میں محفوظ کر لیں۔ آپ کا نمک تیار ہے۔

اکثر حکما کھار کہتے ہیں۔ اکثر حکما نمک کہتے ہیں۔

خود بنائیں۔ طب اور طبیب کا نام روشن کریں اور خلق خدا، دکھی انسانیت کی خدمت کریں۔

اور میرے استاد محترم حکیم اسلام مغل صاحب کے لیے دعائے خیر فرمائیں۔

آپ سب اطباء کرام کی دعاؤں کا طالب خادم الحکماء

حکیم معظم علی ماہر نمکیات

ضلع قصور تحصیل چونیاں ٹھینگ موڑ الہ آباد

0302-2311487 & 0305-4542113

www.tabeebpedia.com

معظم علی فریز ہربل نمکیات سپلائیر

سب سے پہلے یہ بات سمجھ لیں کہ سیلف میڈیسن اپنا علاج خود نہ کریں۔ ہمیشہ اپنے قریبی معالج حکیم سے چیک کروا کر پھر کوئی بھی دوا لیں ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان کا اندیشہ ہے۔

حکیم طبیب مریض کی نبض، اس کا مزاج، عمر، مرض کی موجودہ کیفیت کے مطابق مقدار خوراک کا تعین کرتا ہے۔

نمکیات انتہائی تیز ترین فوری اثر اثرات کے حامل ہوتے ہیں۔

نمکیات کی مقدار خوراک ایک رتی سے آدھی رتی معالج اس کے کم یا زیادہ بھی کر سکتا ہے۔ زیادہ مقدار میں استعمال نقصان کا سبب ہے۔ نمکات مفرد اور مرکب دونوں صورتوں میں مختلف بدرقہ جات کے ساتھ استعمال کروائے جاتے ہیں۔ شہد میں ملا کر، پانی میں، عرق میں مرض کے مطابق طبیب استعمال کرواتے ہیں۔

نمکیات کی احتیاط

جن کو معدے کا زخم السر آنتوں کی سوزش، جلن، تیزابیت ہو ان کو یہ استعمال نہیں کروانے۔ اگر کروائیں بھی تو ساتھ کشتہ سنکھ اور ہلدی کے مرکبات استعمال کروائیں اور نمک کی مقدار خوراک بالکل کم کر دیں۔

غیر طبیب جو حکیم نہیں ہیں دور رہیں ورنہ نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔

ضروری نوٹ (پیغام برائے حکماء)

اکثر میرے عزیز دوست حکماو اطباء کرام یہ سوال کرتے ہیں کہ فلاں نمک کے کیا فوائد ہیں۔ مثال کے طور پر نمک پٹھکنڈا ہے یہ بہترین مخرج بلغم، دمہ، کھانسی کا کامیاب علاج ہے۔

اب یہ سمجھ لیں پٹھکنڈا کا سفوف اس کے بھی یہی فوائد ہیں جو نمک پٹھکنڈا کے ہیں فرق صرف اتنا ہے۔ پٹھکنڈا کا سفوف ہم جہاں 3 سے 7 گرام تک استعمال کرواتا ہے۔ وہی نمک پٹھکنڈا آدھی سے ایک رتی کی انتہائی قلیل مقدار میں دینے سے اس سے زیادہ فوائد فوری اثر رزلٹ ملیں گے۔ مریض کو چمچ بھر بھر کر دوا نہیں کھانا پڑتی۔

اس بات کو سمجھانے کا مقصد یہی ہے کہ تمام اطباء کرام سمجھ لیں جو جن مفردات جڑی بوٹیوں کے مزاج ہیں فوائد ہیں وہی اس کے نمک کے فوائد ہیں باقی طبیب مفردات کے فوائد کے مطابق مختلف امراض میں مختلف نمکیات کو قلیل مقدار میں استعمال کروائیں۔

شفاء منجانب اللہ

طالب دعا

استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل

دعا گو

معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487

درد گردہ اور پتھری گردہ و مثانہ کے لئے

اجزاءواشیاء:	نمک کچری	25 گرام
	نمک گوکھرو	12 گرام
	نمک ککڑی	50 گرام
	نمک مولی	25 گرام
	نمک کنگھی بوٹی	12 گرام
	جو کھار	80 گرام
	قلمی شورہ	120 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کا الگ الگ سفوف کر کے سب ایک جگہ کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائے۔ آپ کی دوا تیار ہے۔ شیشے کے ائیر ٹائٹ جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام کا کیپسول

مقدار خوراک اطباء کرام مریض کی عمر، مرض کی موجودہ کیفیت کے مطابق کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔

طریقہ استعمال: ہمراہ لسی دیں یا گوکھرو سر پھوکہ دال کلتھی۔
مکئی کے بال تخم خربوزہ ان کا قہوہ بنا کر ایک گلاس اس سے دیں۔

مریض کو ہر روز اس قہوہ کا صبح، دوپہر، شام کم از کم ایک گلاس لازمی پینے کی تاکید کریں۔

ذاتی مجرب ہے۔

اطبا مزید اپنی سمجھ کے مطابق اس میں سنگ یہود سنگ سرماہی یا سنکھ در بکھڑا ملانا چاہیں تو ملا سکتے ہیں۔

ہمارا مجرب ان کے بغیر ہے۔

پرہیز: پرہیز میں تمام دالیں، گوشت، چاول بند۔

خربوزہ کو اپنی خوراک میں شامل کریں۔ ہو سکے تو اس کا بمعہ بیج شیک بنا کر پئیں۔

فوائد: درد گردہ پتھری گردہ مثانہ کے لئے بہترین کامیاب مجرب ترین دوا ہے۔

انتباہ: تمام دوائیں معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

غیر طبیب دور رہیں ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

طالب دعا: معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان 0302-2311487

www.tabeebpedia.com

نمک پٹھکنڈا کے فوائد

امراض سینہ کے لئے

100 ملی گرام سے 250 ملی گرام تک شہد میں ڈال کر چٹانے سے ایسا بلغم جو نکلتا نہ ہو آسانی سے نکل جاتا ہے۔

بلغم کی وجہ سے سانس لینے میں دشواری کو آسانی میں تبدیل کرتا ہے۔

کالی کھانسی میں مفید ہے۔

استسقاء کے لئے

مریض کی کیفیت کے مطابق 200 ملی گرام سے 500 ملی گرام تک استعمال کرایا جاسکتا ہے لیکن یہ پیٹ کے استسقاء کے لئے ہے۔

پتھری گردہ ومثانہ کے لئے

200 ملی گرام تک فی خوراک موسم کے حساب سے شربت بزوری، گرم پانی، جوشاندہ کلتھی وغیرہ کے ساتھ استعمال کرانے سے دیگر ادویات کے اثرات کو بڑھاتی ہے۔

ریحی درد گردہ میں اجوائن دیسی کے ساتھ شامل کر کے دینے سے چند منٹ میں درد دور ہو جاتا ہے۔

درد زیادہ اور پرانا ہو تو جہار اجوائن کے ساتھ دیجئے مایوسی نہیں ہو گی۔

جگر

جگر کے افعال کو بہتر کرنے میں معاون ہے۔

سوزاک

ابتدائی سوزاک میں اکیلا ہی شفایابی سے ہمکنار کرتا ہے۔

پرانے سوزاک میں دیگر اجزاء کے ساتھ دینا چاہیے۔

گنٹھیا

کالی مرچ 10 گرام۔ چھلکا جڑ آک 5 گرام۔ سورنجاں شیریں 30 گرام کے مرکب میں سے فی خوراک ایک گرام میں 100 سے 200 ملی گرام تک دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

امراض معدہ

امراض معدہ میں سے گیس کی بیماری کے لئے عرق سونف سے دینا چاہیے۔ کچھ وقت میں لمبے عرصے کے لئے شفاء ہو جائے گی۔

مدر بول

پھٹکڑی بریاں کے ساتھ استعمال کروانے سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔

امراض صدر

نمکیات: نمک پٹھکنڈا
نمک مدار
نمک بانسہ
نمک تمباکو

ترکیب تیاری: چاروں نمکیات دس دس گرام لے کر مکس کھرل کریں۔ اس کے بعد یہ مرکب بن جائے گا۔ اس میں آپ ایک کلو شہد ملالیں۔ شہد خالص ہونا ضروری ہے۔
اضافی ضرورت ہو تو مزید شہد ملا سکتے ہیں۔ معجون کا قوام بن جائے گا۔ اس کو تین سے پانچ دن کے لئے رکھ دیں۔ ہر روز ہلا دیا کریں۔

فوائد: سانس کی تنگی، دمہ، بلغم، کھانسی، سینے کی جکڑن، چھاتی جام، سیٹیوں کی آوازیں آنارات سوتے وقت۔ ان سب کا بہترین علاج ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی عمر کے مطابق معالج کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔
ساتھ قہوہ ادرک + گل بنفشہ کا دیں۔

ایک قابل طبیب امراض صدور تنفس اور بہت سے امراض میں اس کو استعمال کروا سکتا ہے۔

معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487

www.tabeebpedia.com

مصفی خون نمکیات مرکب

اجزاء و اشیاء:

نمک دھماسہ	10 گرام
نمک افسنتین	10 گرام
نمک نگند بابری	10 گرام
نمک ہلدی	10 گرام
نمک نیم	10 گرام
نمک ستیاناسی	10 گرام
سفوف ہلدی	100 گرام

ترکیب تیاری: سب نمکیات ملا کر اتنا کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائے اس کے بعد ہلدی ملا کر سو گرام کھرل میں دوبارہ خوب گھرلائی کریں۔ ایک جان ہو جائے تیار ہے۔ شیشے کے ائیر ٹائٹ جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام کیپسول

ہمراہ عرق دھماسہ عشبہ منڈی شاہترہ۔ ان چاروں کو ملا کر شیک کر لیں یا الگ الگ رکھ لیں۔

طریقہ استعمال: صبح و شام یا تین ٹائم مرض کی نوعیت کے مطابق

ایک کپ عرقیات ایک کپ پانی اس کے ساتھ یہ ایک ایک کیپسول دیں۔

ساتھ معدے کی اصلاح کا خیال رکھیں۔

فوائد: بہترین اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔

چہرے کے داغ دھبے پمپل ایکنی چھائیاں ان کے لئے مجرب ہے۔

خون کی خرابی سے ہونے والے تمام امراض، کارش، دھدر، چنبل، خون کا گاڑھاپن دیگر جملہ فساد خون سے ہونے والے امراض پہ معالج اپنی سمجھ کے مطابق مختلف بدرقہ سے استعمال کروا سکتا ہے۔

پرہیز و احتیاط: تمام فاسٹ فوڈ بازاری چٹ پٹے کھانے کولڈ ڈرنک چائے برگر سموسہ پکوڑہ تیز مصالحہ جات ان تمام اشیاء سے پرہیز کریں۔

کھانے پینے میں تازہ موسم کے لحاظ سے سبزیوں کا استعمال کریں۔

تازہ موسمی پھلوں کا جوس اپنی خوراک میں شامل کریں۔

روزانہ کم از کم 8 گلاس پانی لازمیں پیئیں۔ ہلکی پھلکی ورزش کریں۔

طالب دعا: معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487

www.tabeebpedia.com

نمک بانسہ اڑوسہ کے فوائد

- ☆ گلے کے ورم اور سوزش کے لئے مفید ہے۔
- ☆ نزلہ وزکام کے لئے مفید ہے۔
- ☆ خشک کھانسی کے لئے مفید ہے۔
- ☆ ٹی بی میں بھی مفید ہے۔
- ☆ ڈسٹ الرجی میں مفید ہے۔
- ☆ بخاروں کی ادویات میں مستعمل ہے۔
- ☆ مخرج بلغم ہے۔
- ☆ دمہ کے مریضوں کی جمی ہوئی بلغم کو نکال کر نالیاں بالکل صاف کر دیتا ہے۔
- ☆ پھیپھڑوں کے تمام امراض میں اکسیری صفات کا حامل ہے۔

خاص کر دمہ میں اس کی ایک رتی کی مقدار نیم گرم پانی میں حل کر کے صبح شام ایک ماہ لگاتار پلانے سے دمہ بالکل ختم ہو جاتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487

مقوی دماغ

اجزاءواشیاء:	مغز بادام دیسی	50 گرام
	چاروں مغز	50 گرام
	مغز اخروٹ	50 گرام
	برہمی بوٹی	50 گرام
	اسطخدوس	50 گرام
	کالی مرچ	10 گرام
	نمک سونف	10 گرام
	چھوٹی الائچی	20 گرام
	کوزہ مصری	100 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزا کا سفوف کر کے الگ الگ وزن کر کے آخر میں نمک سونف ملا کر اتنا کھرل کریں ایک جان ہو جائے تیار ہے۔

مقدار خوراک: صبح و شام ہاف ٹی سپون ہمراہ دودھ دیں ساتھ صبح نہار منہ اور رات سونے سے گھنٹہ پہلے مربہ آملہ دو دو دانے کھلائیں۔

فوائد: مقوی دماغ ہے۔ طالب علم پڑھنے لکھنے والوں کے لئے زبردست چیز ہے۔ دماغی کمزوری، سر درد، یادداشت کی کمزوری ان سب کے لئے بہترین مرکب ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک کنگھی بوٹی کے فوائد

- صفراوی شوگر کو ٹھیک کرتا ہے۔
- گردے مثانے کی پتھری کے لئے مفید ہے۔
- مدر بول ہے، پیشاب آور ہے۔ پیشاب لانے کے لئے مفید ہے۔
  دو سے چار رتی کی مقدار کھلا کر اوپر سے زیدہ سفید تین ماشہ
  کلتھی تین ماشہ سونف چھ ماشہ کا شیرہ پلائیں۔ اسی طرح صبح شام پلائیں۔
  چند روز کے استعمال سے پتھری اور کنکری ٹکڑے ٹکڑے زرات کی صورت میں نکل جائیں گے۔
- نمک کنگھی دو رتی کی مقدار شہد میں ملا کر چٹائیں۔ دو سے تین ٹائم۔
  بلغمی کھانسی اور بلغمی دمہ کے لئے مفید ہے۔
  مقدار خوراک ایک سے دو رتی معالج کم زیادہ کر سکتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کی زیر نگرانی استعمال کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

ایک دوا بے شمار فوائد

اجزاءواشیاء: نمک حرمل 1 تولہ

نمک اسگندھ 2 تولہ

کشتہ مروارید 1 تولہ گائے کی ہڈی میں تیار کردہ

اذراقی مدبر در گھیکوار ادرک لہسن دیسی گھی والا 1 تولہ

زعفران 5 گرام

کشتہ بیضہ مرغ 1 تولہ

ترکیب تیاری: کل چھ اجزاءہیں۔

اتنا کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائیں۔ تیار ہے۔

طریقہ استعمال: صبح شام بعد از طعام ایک رتی مکھن میں رکھ کر کھلا دیں اور ساتھ نیم گرم دودھ یا لونگ دار چینی کے قہوہ پلا دیا کریں۔

طبیب مقدار خوراک کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔

تیار کریں۔ اپنے پیاروں اور اپنے بزرگوں کو کھلائیں۔ اس سے اچھا ٹانک نہیں ملے گا۔ شوگر کی شکست وریخت کو بھی ختم کرتا ہے۔

فوائد: ہڈیوں کے درد، اعصابی کمزوری، عضلات بمعنی گوشت کے درد، کیلشیم کی کمی، جوڑوں کے درد، پٹھوں کی طاقت، نیز وٹامن ڈی کی کمی کے حامل افراد کے لئے

بہترین مرکب ہے۔

قوت باہ اعضائے رئیسہ کے لئے بہترین دوا ہے۔

شفاء منجانب اللہ

طالب دعا

استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل

اسلام دواخانہ نارنگ منڈی

0300-4117450

دعا گو

معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487

خود تیار فرمائیں یا ہم سے منگوائیں۔ہم آرڈر پر تیار کرکے دیں گے۔

نمک لیدھا بوٹی کے فوائد

دیگر نام محبت بوٹی باندری بوٹی

☆ بواسیر خونی وبادی دونوں کے لئے بہترین علاج ہے۔

صبح شام کھانے کے بعد 125 ملی گرام سے 250 ملی گرام کا کیپسول نمک لیدھا کا دیں۔

مریض کی عمر کیفیت مرض کے مطابق استعمال کروائیں۔

طبیب مقدار خوراک کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔

ساتھ یہ گھوٹا استعمال کروائیں۔

مریض کو لازمی

اجوائینی بوٹی تازہ ایک سے دو مٹھی لے کر روزرات کو حسب ضرورت پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس کو رگڑ کر اس کا گھوٹا تیار کریں اور یہ ایک سے دو گلاس روز بلاناغہ پیئے۔

شفاء من جانب اللہ   صبر کا شامن تھامے رکھیں۔

اجوائینی بوٹی ندی نالوں کے کنارے عام مل جاتی ہے۔

کنگریوں والے کٹ دار پتے ہوتے ہیں۔ اجوائن جیسی خوشبو آتی ہے۔ اس کو سونگھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے اجوائن ہو۔ کافوری بوٹی بھی بولتے ہیں۔ جس کو اکثر حکما دوست نگند بابری کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ مصفی خون ادویات میں استعمال کی جاتی ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کی زیر نگرانی استعمال کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

پس سیل، پیپ انفیکشن و دیگر امراض منی میں مفید

اجزاء واشیاء:	سنکھ در شیر مدار + شاہترہ	12 گرام
	ہلدی	100 گرام
	آملہ انڈین	100 گرام
	نمک ہلدی	10 گرام
	نمک نگند بابری	10 گرام
	گوند کیکر	25 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کا الگ الگ پاؤڈر کر کے دوبارہ وزن پورا کر کے سب کو اتنا کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائے۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام کا کیپسول صبح شام بعد از طعام ہمراہ آب تازہ یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

مریض کی مرض اور عمر کے مطابق طبیب مقدار خوراک کم زیادہ کر سکتا ہے۔

فوائد: مادہ منویہ میں پس سیلز پیپ انفیکشن آر بی سی خون کا آنا دیگر منی کے جملہ امراض کے لئے بہترین اور مجرب ہے۔

بہترین اور اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔ خارش کے لئے مفید ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمکیات کا بچوں کے نمونیہ اور چھاتی کی جکڑن پر استعمال

اجزاء و اشیاء:

نمک پھٹکنڈا	1 گرام
نمک مدار	1 گرام
کشتہ بارہ سنگھا	2 گرام
کشتہ سنکھ	2 گرام
عرق اجوائن	100 ملی لیٹر

ترکیب تیاری: ان سب کو معروف طریقے سے مکس کریں، شیک کریں اور محفوظ کر لیں۔ آپ کی دوا تیار ہے۔

طریقہ استعمال: صبح دوپہر شام 5 سے 10 قطرے عمر مرض کی شدت اور کیفیت کے مطابق استعمال کروائیں۔ ہر دفعہ استعمال سے پہلے لازمی ہلا لیں پھر استعمال میں لائیں۔

فوائد: بچوں کا نمونیہ ٹھیک ہو گا، چھاتی کی جکڑن ٹھیک ہو گی، حرارت پوری ہو گی، بخار ٹھیک ہو گا۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک بھنگ ورق الخیال قنب کے فوائد

- ☆ نمک بھنگ سرد خشک مزاج کا حامل ہے۔

جب یہ نمک کی شکل اختیار کر کے دوا میں تبدیل ہوتا ہے تو یہ نشے سے بالکل پاک ہو جاتا ہے۔

- ☆ ہائپر ٹینشن کا علاج ہے۔
- ☆ بڑھی ہوئی رطوبات کو اعتدال پر لاتا ہے۔
- ☆ قابض ہے۔
- ☆ مقوی باہ ہے۔
- ☆ جریان کے لئے مفید ہے۔
- ☆ صفراوی مزاج میں سرعت انزال کے لئے زبردست دوا ہے۔
- ☆ خون کی سرکولیشن کو کم کرتا ہے۔
- ☆ سرعت انزال میں انتہائی کمال کے رزلٹ کا حامل ہے۔
- ☆ صفراوی مزاج کے مریضوں کو دیں گے تو سرعت کے پرخچے اڑا دے گا۔
وہ بھی چند خوراکوں سے
- ☆ مقدار خوراک ایک سے دو رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک خربوزہ کے فوائد

- ☆ پیشاب آور ہے۔
- ☆ غدود کو تحلیل کرتا ہے۔
- ☆ جگر کے سدے کھولتا ہے۔
- ☆ ورم جگر کے لئے مفید ہے۔
- ☆ گردہ مثانہ کی پتھری کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ سوزاک کے لئے مفید ہے۔
- ☆ مادہ منویہ منی وافر مقدار میں پیدا کرتا ہے۔
- ☆ عورتوں میں دودھ کی کمی کو پورا کرتا ہے۔
- ☆ سرعت انزال کے لئے مفید ہیں۔
- ☆ مقدار خوراک ایک سے دورتی عمر مرض کیفیت کے مطابق

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نزلہ وزکام کے لئے بہترین کمبینیشن

اجزاء واشیاء: نمک ترپھلہ 30 گرام
نمک اجوائن دیسی 10 گرام
تخم جوزماثل بریاں 3 گرام

ترکیب تیاری: تخم جوزماثل کو باریک پیس لیں اور نمکیات شامل کر لیں۔ دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام

طریقہ استعمال: تازہ پانی سے دے کر اوپر سے چائے پلائیں۔

فوائد: نزلہ زکام کے لئے بہترین رزلٹ ہے۔ الحمدللہ

عطیہ نسخہ: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

0302-2311487, 0305-4542113

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک مکوہ کے فوائد

- ☆ ورم جگر
- ☆ جگر کی سوزش
- ☆ ضعف جگر
- ☆ اور تمام بدن پر اماس کے لئے مجرب دوا ہے۔
- ☆ ورم معدہ اندرونی بیرونی سوزش کو ختم کرتا ہے۔
- ☆ معدہ جگر کی اصلاح کرتا ہے۔
- ☆ صبح و شام ایک سے دو رتی ہمراہ عرق مکوہ دیں۔
- ☆ اگر گرمی ہو تو ساتھ عرق کاسنی بھی ملا لیں۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک گلو + ست گلو کے فوائد

- ☆ دافع بخار ہے۔
- ☆ دافع حرارت ہے۔
- ☆ انتڑیوں کے بخار میں اور ٹائیفائیڈ بخار میں مؤثر ترین دوا ہے۔
- ☆ بوجہ بخار دماغ پہ ہونے والے برے اثرات کو ختم کرتا ہے۔
- ☆ پرانے بخار کے لئے اس کو ست گلو اور اجوائن دیسی کالی مرچ کے ہمراہ استعمال کروائیں۔
- ☆ انتڑیوں کی سوزش سویلنگ کو ٹھیک کرتا ہے۔
- ☆ پرانے ٹائیفائیڈ بخار کے لئے ساتھ سنکھ شیر مدار + شاہترہ ایک رتی کی مقدار میں دیں۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

www.tabeebpedia.com

نمک شاہترہ کے فوائد

- ☆ مصفی خون ہے۔
- ☆ بھوک لگانے والا ہے۔
- ☆ فساد خون کے امراض میں مفید ہے۔
- ☆ پھوڑے، پھنسی، ریشہ دار زخم، آتشک، جزام وغیرہ کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ چہرے کے داغ، دھبے، کیل، مہاسے ٹھیک کرتا ہے۔
- ☆ خارش کا بہترین علاج ہے۔
- ☆ خون کو صاف کرتا ہے۔
- ☆ دھدر، چنبل، پت، گرمی دانے میں مفید ہے۔
- ☆ ایک قابل طبیب بہت سے امراض میں اس کو استعمال کروا سکتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک اجوائن دیسی کے فوائد

☆ گرم خشک ہے۔

☆ ہاضم ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے۔

☆ دافع بخار ہے۔

☆ پسینہ آور ہے۔

☆ دافع درد ہے۔

ایک رتی کھلا کر چائے پلا دیں۔

☆ نمک اجوائن دیسی کے ساتھ برابر وزن نمک بھنگ ملا کر کھرل کر کے ایک جان کر لیں۔

تیار ہے۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

بھوک لگانے والا بہترین مرکب ہے۔ زبردست بھوک لگاتا ہے۔

زیادہ استعمال نہ کریں۔ گھبراہٹ ہوگی۔ بار بار بھوک کی طلب ہوگی۔ احتیاط لازم ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک ترپھلہ کے فوائد

- ☆ مقوی دماغ ہے۔ دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ دماغ کی قوتوں کا بہترین محافظ ہے۔
- ☆ پرانے نزلہ زکام کی بہترین دوا ہے۔
- ☆ مقوی بصر ہے۔ نظر کو تیز کرتا ہے۔

ضعف دماغ

یہ مرض کسی سبب سے ہو۔ اس دوا سے بہت بہتری آجاتی ہے۔

اجزاء و اشیاء: طباشیر
دانہ الائچی خورد
ورق چاندی اصلی
نمک ترپھلہ
مروارید مہین موتی

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو برابر وزن لے لیں اور کھرل کریں۔
ساتھ گلاب کی پتیوں کا پانی ڈالتے جائیں۔
مفرد ایک تولہ دوا پر تین تولہ پانی رگڑائی میں جذب کریں۔
دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: مقدار خوراک چار رتی ہمراہ شیرہ بادام کھائیں۔

فوائد: دماغ کے ہر قسم کے ضعف میں کام دے گا۔

طالب دعا: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

0302-2311487, 0305-4542113

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک کھٹکل تیتی کے فوائد

- ☆ سرخ انار کا بہترین متبادل ہے۔
- ☆ خون کی کمی کو پورا کرتا ہے۔
- ☆ جگر کو صاف کرتا ہے۔
- ☆ جگر کے سدے کھولتا ہے۔
- ☆ مقوی معدہ ہے۔
- ☆ بھوک لگاتا ہے۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ آب تازہ یا عرق گلاب استعمال کریں۔

ایک رتی کی مقدار پانی یا عرق گلاب میں مکس کر کے دے سکتے ہیں۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک ہلدی کے فوائد

☆ سب سے بہترین اور اعلیٰ درجہ کا اینٹی بائیوٹک ہے۔

☆ زخموں کو بہت جلد مندمل کرتا ہے۔ زخموں کو بھرتا اور ریکور کرتا ہے۔

☆ اندرونی بیرونی ورموں سوزش کو ختم کرتا ہے۔

☆ جمے ہوئے خون کو تحلیل کرتا ہے۔

☆ پھیپھڑے کے زخموں کو بند کرتا ہے۔

☆ مولد رطوبات ہے۔

☆ پس سیلز کا خاتمہ کرتا ہے۔

☆ مصفی خون ہے۔

☆ گردوں کے انفیکشن کو ختم کرتا ہے۔ ان کی ورکنگ کو بحال کرتا ہے۔ ہمارے جسم کے ڈیڈ سیلز کی جگہ نئے سیلز کی پیدائش کرتا ہے۔

☆ ہمارے جگر کی مرمت کرتا ہے۔ جگر کی سوزش ختم کرتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک بکن بوٹی کے فوائد واستعمالات

بکن بوٹی کے فوائد

ایک بوٹی ہے جو زمین پر مفروش ہوتی ہے۔ دریاؤں اور نہروں کے کناروں کے علاوہ باغوں میں بکثرت اور ہر موسم میں ملتی ہے۔

☆ مسکن و مصفی خون ہے۔

☆ دافع بواسیر ہے۔

☆ مدر بول اور بلغمی بخاروں میں مفید ہے۔

☆ عسر البول کے لئے مفید ہے۔

☆ مثانہ کی پتھری کو خارج کرتی ہے۔

☆ نکسیر ونفث الدم اور بواسیر خونی کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

☆ مسکن و مصفی خون امراض فساد خون میں مستعمل ہے جو جگر مثانے کی گرمی خون کا جوش خونی بواسیر مصفی خون، خارش، پیشاب کی جلن اور پیشاب کا بند ہونا، سوزاک، گردہ کی پتھری میں مفید و مجرب ہے۔

☆ شہد اور فلفل سیاہ سے اصلاح کریں۔

☆ رنگ کو سرخ کرتی ہے۔ بدن کو طاقت دیتی ہے۔ دل کو فرحت بخشتی ہے۔ دل کی کمزوری اور خفقان کو دور کرتی ہے۔ جگر کی گرمی کو ختم کرتی ہے۔

نمک بکن بوٹی کے فوائد

نمک بکن بوٹی مندرجہ ذیل فوائد فوری طور پر دینا شروع کر دیتا ہے۔ معروف طریقہ سے نمک بنائیں اور کم سے کم مقدار سے شروع کریں۔ (دو چاول سے دو رتی تک مقدار خوراک ہے) کسی بھی عرق بالخصوص گلاب یا بادیان میں مکس کر کے بعد از غذا دن میں دو مرتبہ استعمال کریں۔

- ☆ ہاضمے کے مسائل
- ☆ تمام اقسام کے بخار
- ☆ کھانسی
- ☆ جلدی مسائل
- ☆ انفیکشنز

میں نمک بکن بوٹی کا استعمال بہت کار آمد ہے۔

یہ پودے کے مواد کو جلا کر حاصل کیا جاتا ہے۔ بکن بوٹی کا نمک روایتی ادویات می استعمال کیا جاتا ہے خاص طور پر آیورویدک اور یونانی طریقوں میں۔۔۔۔

- ☆ ہاضمے کے مسائل
- ☆ آنتوں کے کیڑے
- ☆ بخار
- ☆ جلد کے مسائل

☆ منہ کی صحت کے لئے کیونکہ

اس میں اینٹی بیکٹیریل، اینٹی انفلامیٹری اور اینٹی فنگل خصوصیات ہیں۔

مجربات نمک بکن بوٹی

نمک بکن بوٹی کے افعال و اثرات مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ نزلہ زکام کے لئے بہترین کام ہے۔

ہر وقت ناک کا بہتے رہنا اس کے لئے مفید ہے۔

☆ چھوٹے پیشاب کے قطرے آنا۔ چھوٹا پیشاب مقدار میں زیادہ آنا۔

☆ عورتوں میں لیکوریا کے مفید ہے۔

☆ مردوں کے جریان کے لئے بہترین کام کرتا ہے۔

☆ جریان خون میں بہترین کام کرتا ہے۔ جیسا کہ ناک سے خون بہہ رہا ہو یا بواسیر کا مقعد کے مقام سے خون کا آنا ان سب پر بہترین کام کرتا ہے۔

نسخہ خون روک اکسیر

اجزاء و اشیاء: نمک بکن بوٹی
گیرو
نوشادر

ترکیب تیاری: ہم وزن لے کر ان کو اچھی طرح کھرل کر لیں۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام سے 250 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

طریقہ استعمال: مریض کی عمر اور مرض کی نوعیت کے مطابق ہمراہ شربت انجبار استعمال کروائیں۔

فوائد: یہ بہترین خون روک دوا ہے۔

عطیہ نسخہ: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

ضمنی اثرات کو کم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقاط کو ذہن نشین کر لیں۔

☆ کوئی بھی دوا یا غذا استعمال سے پہلے کسی ہیلتھ کیئر پروفیشنل سے مشورہ کریں۔ خاص طور پر اگر آپ پہلے سے بیمار ہیں یا دوائیں لے رہے ہیں۔

☆ تجویز کردہ مقدار سے کبھی بھی تجاوز نہ کریں بلکہ تجویز کردہ مقدار سے بھی تھوڑی مقدار سے شروع کریں اور ضرورت کے مطابق اور طبی نگرانی میں بتدریج اضافہ کریں۔

☆ معیار اور حفاظت کو برقرار رکھنے کے لئے مناسب تیاری اور اسٹوریج کو یقینی بنائیں۔ اپنے جسم کے رد عمل کی نگرانی کریں اور اس کے مطابق استعمال کریں۔

طالب دعا: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔ سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک بوہڑ (نمک برگد) کے فوائد

☆ نمک برگد کا کشتہ سازی میں استعمال

نمک بوہڑ برگد کشتہ سازی میں استعمال ہوتا ہے۔

نمک بوہڑ میں کشتہ سکہ بہترین بنتا ہے۔ جس کی چند خوراکوں سے پرانے سے پرانا جریان اور سرعت انزال کا مرض دور ہو جاتا ہے۔ ایسے مریض جو سالہا سال سے دوا کھا رہے ہیں مگر ٹھیک نہیں ہوئے نمک بوہڑ میں بنے کشہ سکہ کی چند خوراکوں سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

☆ شہد میں ملا کر صبح کے وقت نیم گرم دودھ سے کھلانا مقوی باہ ہے۔

☆ سوزاک کے لئے

مربہ آملہ کے ساتھ کھلانے سے وہ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

ابتدائی سٹیج ہو تو 15 دن میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ پرانا ہو تو ایک ماہ میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔

☆ پٹھوں کی کمزوری کے لئے

جوارش جالینوس میں ملا کر استعمال کروانا بلغمی امراض میں مفید ہے۔

☆ ضعف گردہ کے لئے

پانی میں حل کر کے پانچ سے دس قطرے پلانے سے گردوں کی کمزوری دور ہوتی ہے۔

☆ ضعف گردہ مثانہ تقطیر البول کے لئے

ایک پاؤ مغز اخروٹ نمک بوہڑ دو تولہ میں یکجان گرائینڈ کر کے صبح شام ایک سے دو چمچ دودھ سے کھلانے سے تقطیر البول کے لئے مفید ہے۔

☆ پروسٹیٹ کے مسائل کے لئے

دو تولہ نمک بوہڑ ایک ورق کلاں کی دفتری ایک ایک کر کے سارے ورق کھرل کر لیں۔ پھر اس کو جوارش زرعونی کلاں کے ساتھ ایک سے دو ماشہ کی خوراک دیں۔ ساتھ ایک چمچ یہ جوارش دیں۔

اس سے پراسٹیٹ کے 80 فیصد مسائل حل ہو جاتے ہیں۔

آپریشن نہیں کروانا پڑتا بشرطیکہ پراسٹیٹ کا کینسر نہ ہو۔

☆ جسمانی کمزوری کے لئے

دودھ کے ساتھ ایک ماشہ کی خوراک روزانہ دینے سے کمزوریوں کو رفع کرتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک اٹ سٹ کے فوائد

☆ جگر کی چربی چڑھی ہوئی ہو یعنی فیٹی لیور کے لئے مفید ہے۔

ایک رتی سے آدھی رتی پانی میں حل کر کے یا ادرک کے قہوہ میں حل کر کے صبح شام پلانے سے جگر کے تمام امراض کے لئے تیر بہدف دوا ہے۔

☆ جگر کے سدے کھولتا ہے۔

☆ انجماد جگر (جگر جما ہوا ہو) اس کو کھولتا ہے۔

☆ جگر پر ٹاکسن ہوں اس کو ختم کرتا ہے۔

☆ جسم میں جہاں جہاں غدود ہیں اگر وہ ڈس ایبل ہو گئے ہیں تو ان کے افعال کو درست کرتا ہے۔

☆ نظر کو تیز کرتا ہے۔

☆ کمر درد کے لئے بھی مفید ہے۔

☆ جسم کے کسی حصے میں چھوٹے چھوٹے کلاٹ ہوں ان کو کھولتا ہے۔

☆ ویریکوسل وینز کو بھی کھولتا ہے۔

مفرد اور مرکب معاون ادویات کے ساتھ ملا کر استعمال کروایا جاتا ہے۔

ایک قابل طبیب اپنی سمجھ کے مطابق بہت سے امراض میں استعمال کروا سکتا ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک کچری چیڑ کے فوائد

☆ سارے جسم سے فالتو چربی زائل کرتا ہے۔ جسم کو سمارٹ کرتا ہے۔

☆ گردے ومثانے کی پتھری کسی بھی دوائی سے نہ نکلتی ہو تو اس کے استعمال سے ٹوٹ کر نکل جاتی ہے اور دوبارہ بنتی بھی نہیں۔

☆ فیٹی لیور یعنی جگر پہ چربی چڑھ جانے کے لئے مفید ہے۔

☆ بدہضمی، قولنج، دردریحی میں مفید ہے۔

☆ بڑھے ہوئے کولیسٹرول کو حد اعتدال پہ لاتا ہے۔

☆ رحم کی سوزش میں بھی مفید ہے۔

☆ بھوک خوب لگاتا ہے۔

☆ پیشاب کی جلن سوزش گردہ پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا کے لئے شربت کے ہمراہ دینا مفید و مجرب ہے۔

☆ مقدار خوراک ایک سے دورتی۔ معالج کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک اونٹ کٹارہ کے فوائد

اونٹ کٹارہ کو انگریزی میں Camel’s Thistle کہتے ہیں۔

اس کا پودا تقریباً ایک میٹر لمبا اور خار دار ہوتا ہے۔ اس کی شاخیں، پتے اور پھل کانٹے دار ہوتے ہیں۔ پھل اخروٹ کے برابر ہوتا ہے۔ ہر شاخ کے سرے پر پھل لگتا ہے اور اس میں اون کے مشابہ سفید چیز بھری ہوتی ہے۔

اس کا ذائقہ کڑوا اور مزاج گرم خشک درجہ سوئم ہے۔

اس کے پتے، بیج اور جڑ دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

جدید تحقیق کے ذریعے اس کا جزو مؤثرہ Silybum Marinum نکالا گیا ہے جو کہ جگر کے امراض میں شافی اثرات کا حامل ہے۔

اونٹ کٹارہ کا جزو مؤثرہ سیلی می رین جگر کو تباہ ہونے سے بچانے اور جگر کے فعل کو مؤثر بنانے کے لئے بہت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ جگر کو خراب کرنے والے جن میں فری ریڈیکل اور لیوکوٹرائی کو بننے سے روکتا ہے اس کے علاوہ اس میں اینٹی تکسیدی خصوصیات پائی جاتی ہیں جو کہ وٹامن اے سے بھی زیادہ ہیں۔

یہ پودہ جگر کے تمام امراض مثلاً جگر کا سکڑاو، ہیپاٹائٹس کی تمام اقسام کے علاوہ امراض مثانہ میں بھی مستعمل ہے۔

اس کو درج ذیل امراض میں استعمال کیا جاتا ہے۔

- ☆ امراض جگر میں بے حد مفید ہے۔
- ☆ اینٹی کینسر ہے۔
- ☆ کولیسٹرول کے لیول کو بہتر بناتا ہے۔
- ☆ شوگر کو کنٹرول کرنے میں مدد دیتا ہے۔
- ☆ مصفی خون ہے۔
- ☆ مقوی معدہ و اعصاب ہے۔
- ☆ سکون آور ہے۔
- ☆ بڑھاپے کے اثرات کو کم کرتا ہے۔

اونٹ کٹارہ کا نمک اور اس میں موجود معدنی اجزاء صحت کے لئے مفید ثابت ہوتے ہیں۔

نمک اونٹ کٹارہ کے مجربات مندرجہ ذیل ہیں۔

www.tabeebpedia.com

ہیپاٹائٹس سی کے لئے اکسیر

اجزاء و اشیاء:	نمک اونٹ کٹارہ	50 گرام
	ہلدی	20 گرام
	نوشادر	20 گرام
	کافور	20 گرام
	شب یمانی	20 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو باریک سفوف تیار کرلیں۔
اور 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

طریقہ استعمال: 500 ملی گرام صبح وشام ہمراہ عرق مکو کاسنی کے ساتھ استعمال کروائیں۔

فوائد و خصوصیات: ہیپاٹائٹس سی کے حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے۔
صرف دو ماہ کے مسلسل استعمال سے نیگٹو ہو جاتا ہے۔

نمک اونٹ کٹارہ محرک جگر ہے۔
جگر کو قوت و طاقت دیتا ہے۔ جگر کی صفائی کرتا ہے۔
اس کے علاوہ یہ قوت باہ پہ بہترین کام کرتا ہے۔
اگر مریض بلغمی ہے تو اس کے لئے یہ سونا جیسی قیمت رکھتا ہے۔

ایک بہترین نسخہ

نمک اونٹ کٹارہ

اسگندھ

لونگ

جائفل

جلوتری

عقرقرحا

جند بید ستر

ریگ ماہی

کے ساتھ ملا کر اس کا کمبینیشن بنا سکتے ہیں۔

جو قوت باہ کے لئے لاثانی کام کرتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک کرونڈ کے فوائد

- ☆ زہروں کا تریاق ہے۔
- ☆ زہرباد کینسر کے لئے ہمراہ دھماسہ مکمل شفا دیتا ہے۔
- ☆ اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔
- ☆ منی میں پس سیلز کے لئے بہترین کام کرتا ہے۔
- ☆ گردے مثانے کی پتھریوں کا اخراج کرتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک حرمل اسپند کے فوائد اور استعمالات

حرمل ایک ایسی نادر اور انتہائی حیران کن اثرات رکھنے والی جڑی بوٹی ہے جو ہر گھر میں ہونی چاہیے تاکہ وبائی امراض سے لاحق ہونے والے امراض اور کیڑے مکوڑوں کا علاج کیا جا سکے۔ گھروں سے کیڑے مکوڑوں کا خاتمہ کرنے کے لئے جو سپرے وغیرہ کئے جاتے ہیں ان کی وجہ سے زیادہ خطرناک امراض پیدا ہوتے ہیں۔

حرمل کی دھونی سے نہ صرف ڈینگی وائرس، مچھروں، کیڑوں سے بچا جا سکتا ہے بلکہ باقاعدگی سے جس گھر میں حرمل جلائی جاتی ہے وہاں سے ڈپریشن کم ہو جاتا ہے۔

جدید تحقیق نے حرمل کو اینٹی بیکٹیریل اور اینٹی وائرل خصوصیات کا حامل قرار دیا ہے۔

☆ اعصابی نظام کا علاج بذریعہ حرمل

ماہرین طب کے مطابق حرمل انسان کے مرکزی نظام اعصاب کو تقویت دیتی ہے جس سے موڈ بہترین ہو جاتا ہے اور انسان ڈپریشن سے نکل آتا ہے۔

☆ حرمل سے راکھ کا نمک روایتی ادویات میں مختلف مقاصد کے لئے استعمال ہوتا رہا ہے۔

☆ راکھ کا نمک عام طور پر حرمل کے پودے کو جلا کر اور پھر اس راکھ کو پانی میں ملا کر پھر پانی کو ہلکی آنچ پر بخارات کی شکل میں اڑا کر حاصل کیا جاتا ہے۔

نمک حرمل کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ☆ سوزشی امراض میں مددگار خصوصیات کا حامل ہے۔
- ☆ Antimicrobial خصوصیات کا حامل ہے۔
- ☆ Antispasmodic خصوصیات کا حامل ہے۔
- ☆ Expectorant یعنی مخرج بلغم کی خصوصیات کا حامل ہے۔
- ☆ جوڑوں کے درد اور گنٹھیا سے نجات
- ☆ بخار اور سر درد سے نجات
- ☆ ہضم کے مسائل میں مددگار
- ☆ زہر کے لئے تریاق صفت خصوصیات کا حامل ہے۔
- ☆ نمک حرمل نفسیاتی طور پر بھی مریض پر اثر انداز ہوتا ہے اور اس کے استعمال کو احتیاط کے ساتھ پیشہ ور طبیب کی رہنمائی میں کرنا چاہیے۔

مجربات نمک حرمل

- ☆ نمک حرمل میں تانبہ کی کثیر مقدار پائی جاتی ہے۔ نمک حرمل کشتہ تانبہ جتنی ہی طاقت رکھتا ہے۔ تو جس چیز میں تانبہ ہوتا ہے وہ بے حد قوت پیدا کرتا ہے۔
- ☆ قوت باہ کے کمزور مریضوں کے لئے معجون میں نمک حرمل قلیل مقدار میں شامل کرنے سے فوائد سہ چند اسی طرح لبوب کبیر کے فوائد کو بھی بڑھایا جاسکتا ہے۔

☆ اس طرح جن مریضوں کو پولی یوریا ہے ان کو دینے سے ان کے غدود ایکٹو ہوں گے اور ان کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

☆ یہ ہربل ٹانک کے طور پر بھی کام کرتا ہے جس میں نمک حرمل نمک اسگندھ برابر وزن ملا کر یہ دونوں نمک مل کر ہربل باڈی ٹانک کے طور پر بہترین کام کرتا ہے۔

☆ اعضاء کی کمزوری کو دور کرتے ہیں۔ اسی طرح اگر بدن انسانی کے اندر ہڈیوں کی کمزوری کے لئے نمک حرمل نمک اسگندھ کے ساتھ مروارید موتیوں کا کشتہ وہ ان کے ساتھ شامل کرکے مکھن کے ساتھ کے کھلایا جائے گا تو یہ قوت باہ ہڈیوں کی کمزوری کیلشیم کی کمی اور تمام اعضائے رئیسہ کے لئے مفید ہو گا۔

☆ مزید برآں حرمل کا نمک بعض دواؤں کے ساتھ تعامل کر سکتا ہے یا اس کے مضر اثرات بھی ہو سکتے ہیں اس لیے اسے دواؤں کے مقاصد کے لئے استعمال کرنے سے پہلے بھی پیشہ ور طبیب سے مشورہ کرنا ضروری ہے۔

طالب دعا: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

حکیم معظم علی ممبر ریونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک اندرانی ھندرانی کے فوائد اور استعمالات

اندرانی بوٹی طب یونانی میں مختلف بیماریوں کے علاج کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ بوٹی اکثر امراض میں پیام شفاہے اور کسی بھی مرض میں اس کا استعمال مستند طبیب کے مشورہ سے کریں جبکہ نمک اندرانی میں احتیاط مزید درکار ہے۔ بالخصوص مقدار خوراک اور تشخیصی پہلو بہت اہم ہے۔

- ☆ مرض ہیضہ میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے جبکہ کالی مرچ کے ساتھ اس کا استعمال فوائد دوچند کردے گا۔ مجربات میں تفصیلاً ذکر آئے گا۔
- ☆ اندرانی بوٹی سے عرق معروف طریقہ سے عرق کشید کریں جو بہترین مصفی خون کا کام کرے گا جبکہ افزائش خون پر بھی بہترین کام کرے گا۔
- ☆ بہترین کاسر ریاح اور محلل اورام بھی ہے۔

یہ ایک ایسا پودا ہے جو صدیوں سے روایتی ادویات میں استعمال ہوتا رہا ہے۔

اندرانی بوٹی کی راکھ کا نمک عام طور پر اندرانی بوٹی کو جلا کر اور پھر اس راکھ کو پانی میں ملا کر پھر پانی کو ہلکی آنچ پر بخارات کی شکل میں اڑا کر حاصل کیا جاتا ہے۔ مرض کی مختلف حالتوں کے علاج کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

- ☆ ذیابیطس
- ☆ ہاضمے کے مسائل

- ☆ بخار
- ☆ گنٹھیا
- ☆ جلد کی بیماریاں
- ☆ سانس کے مسائل

ممکنہ صحت کے فوائد پر مزید غور کرنے سے اور مجموعی فوائد کو مندرجہ ذیل پوائنٹس میں پرکھا جا سکتا ہے۔

- ☆ اینٹی ذیابیطس
- ☆ اینٹی سوزش
- ☆ اینٹی آکسیڈینٹ
- ☆ مدافعتی نظام کی بہتری
- ☆ ہاضم اور معاون صحت

تاہم طبی مقاصد کے استعمال کرنے سے پہلے مستند طبیب سے مشورہ کرنا ضروری ہے، خاص طور پر صحت کی کوئی بنیادی حالت ہے یا آپ دوائیں لے رہے ہیں۔

نمکیات پر کثیر وقت صرف کرنے کے بعد مندرجہ ذیل مجربات کو بھی استعمال میں لائیں۔

آپ اپنے قابل بھروسہ تعلیم و تجربہ کار طبیب سے مشاورت کر کے بنائیں اور استعمال کروائیں۔

اس کی راکھ کا نمک روایتی ادویات میں مختلف مقاصد کے لئے استعمال ہوتا رہا ہے۔

مجربات نمک اندرانی

ہیضہ کے لئے اکسیر

اجزاء و اشیاء: نمک اندرانی 1 تولہ

کالی مرچ فائن پاؤڈر 1 تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر اچھی طرح کھرل کریں۔ اور محفوظ کر لیں۔

125 گرام کے کیپسول بھر لیں۔ تیار ہے۔

طریقہ استعمال: ہیضہ شروع ہو جاتے تو مریض کو ہر ایک گھنٹہ گھنٹہ کے بعد ایک ایک کیپسول دیں۔ دو کیپسول دیں، تیسرے کیپسول کی ضرورت نہیں پڑے گی کہ مریض کی جو گرتی ہوئی حرارت ہے وہ دوبارہ ری سٹور ہو کر بحال ہو جائے گا اور ہیضہ ختم ہو جائے گا۔ انشاء اللہ

لیکوریا، ہڈیوں کا درد، کیلشیم کی کمی کے لئے

اجزاء و اشیاء: نمک اندرانی

کشتہ بیضہ مرغ

ترکیب تیاری: دونوں چیزوں کو ہم وزن لے کر ملا لیں اور خوب کھرل کریں۔

125 گرام کے کیپسول بھر لیں۔ تیار ہے۔ استعمال کروائیں۔

فوائد: لیکوریا، کیلشیم کی کمی اور ہڈیوں کے درد کے لئے بہترین کام کرتا ہے۔

طالب دعا: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

کنڈیاری اور نمک کنڈیاری کے فوائد اور استعمالات

کنڈیاری کا پودا یونانی ادویات میں صحت کے مختلف مسائل مثلاً

- ☆ درد سے نجات
- ☆ بخار میں کمی
- ☆ ہاضمے کے مسائل
- ☆ جلد کے مسائل

میں مستعمل ہے۔ جبکہ کنڈیاری کے نمک کو

- ☆ درد سے نجات
- ☆ ہضم کے مسائل
- ☆ سانس کے مسائل بالخصوص دمہ
- ☆ جلد کے مسائل
- ☆ منہ کی صحت اور سوزش کے عوارضات

کے لئے قدرتی علاج کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

1۔ دانت کے مسائل

2۔ مسوڑھے کے مسائل

3۔ منہ کی تازگی کا برقرار رہنا

4۔ زبان کی صفائی اور غیر طبعی تہہ

5۔ ہونٹ پھٹنا، خشکی اور مجموعی صحت

6۔ تھوک کا بننا، پی ایچ لیول کا توازن

7۔ جبڑوں کا درد

8۔ باقاعدگی سے دانتوں کی دیکھ بھال

مندرجہ بالا مسائل کا بہترین حل ہے۔

مقدار خوراک ایک سے سولہ چاول تک پانی میں گھول کر پی جائیں۔

کم سے کم مقدار سے شروع کریں اور آہستہ آہستہ بڑھاتے جائیں۔

مجربات نمک کنڈیاری

نمکیات پر کثیر وقت صرف کرنے کے بعد مندرجہ ذیل مجربات کو بھی استعمال میں لائیں

☆ درد سے نجات

دردوں میں چاہے کہیں بھی ہوں بالخصوص وجع المفاصل میں مجرب ہے۔

ایک رتی کسی بھی مربہ میں یا معجون جوگ راج گوگل میں صبح وشام

☆ مرکب نسخہ جات 20/1 کے تناسب سے ملائیں اور ایک سے دو گرام صبح وشام استعمال کریں۔ آٹھ چاول = ایک رتی

حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

خبازی اور نمک خبازی کے فوائد اور استعمالات

خبازی کا جوشاندہ چینی میں ملا کر نیم گرم پلانا خشک کھانسی اور آواز کی تنگی کو دور کرتا ہے۔

رنگ و پتے ہرے، پھول اودے، بیج سفید اور جڑ پیلی ہوتی ہے۔ ذائقہ میں پتے کڑوے اور باقی حصے پھیکے ہوتے ہیں۔ اس کے بیج سفید اور گول ہوتے ہیں اور ان پر باریک جھریاں پڑی ہوتی ہیں اور ٹھیک درمیان میں ذرا سا گہراؤ بھی ہوتا ہے۔

نمک خبازی کے فوائد اور استعمالات

- ☆ مخرج بلغم ہے۔
- ☆ کھانسی، دمہ، سانس کی تنگی کے لئے مفید ہے۔
- ☆ بلغمی بخاروں کی ادویات میں مستعمل ہے۔
- ☆ سوزش دور کرتا ہے اس لئے انتڑیوں اور مثانے کے زخموں میں مفید ہے۔
- ☆ جلاب والی ادویات کے برے اثرات کو دور کرتی ہے۔
- ☆ وٹامن سی کا خزانہ ہے اس لئے شوگر کے مرض میں مفید ہے۔
- ☆ پیچش کے مرض میں مستعمل ہے۔ معمولی پیچش کو پہلی دفعہ ہی آرام آجاتا ہے۔ پرانی سے پرانی پیچش کے لئے دو تین دن لگ جاتے ہیں۔

مفرد اور مرکب دونوں صورتوں میں استعمال کرواسکتے ہیں۔

حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک دودھی کلاں ہزاردانی کے فوائد اور استعمالات

- ☆ بڑھے ہوئے کولیسٹرول کو کلئیر کردیتا ہے۔
- ☆ بڑھے ہوئے یورک ایسڈ کو کلئیر کردیتا ہے۔
- ☆ جسم میں جمے ہوئے فاسد مادوں کو تحلیل کردیتا ہے۔
- ☆ ٹائیفائیڈ کی علامات میں مستعمل ہے۔
- ☆ خونی بواسیر میں مفید ہے۔
- ☆ آنتوں کے انفیکشن سوزش میں مفید ہے۔
- ☆ سوزاک کے لئے مفید ہے۔
- ☆ نمک دودھی کلاں میں مختلف کشتہ جات بھی بنائے جاتے ہیں۔

جیسے شنگرف، سم الفار، ورقیہ وغیرہ

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک جوانسہ جوایاں کے فوائد اور استعمالات

جوانسہ ایک میٹر کے لگ بھگ کانٹے دار پودا ہے۔اس کی شکل دھماسہ سے ملتی جلتی ہے لیکن اس کے پتے اور کانٹے دھمانسہ سے بڑے ہوتے ہیں۔اس کے پتے مہندی کے پتوں کی طرح لیلکن اس سے کچھ چھوٹے ہوتے ہیں۔ گرمی میں پھیلتا ہے لیکن برسات میں خشک ہو جاتا ہے۔

- ☆ بہترین مصفی خون ہے۔
- ☆ اس کا جوشاندہ یا نمک بواسیر بادی وخونی کو فوراًروک آرام دیتا ہے۔
- ☆ بواسیری مسوں میں اچھے رزلٹس ہیں۔
- ☆ چہرہ کے کیل مہاسوں کے لئے بہترین ہے۔
- ☆ پتھری گردہ ومثانہ میں مستعمل ہے۔
- ☆ جوڑوں کے درد میں مستعمل ہے۔
- ☆ بواسیری زہر کا توڑ ہے۔
- ☆ منہ کے چھالوں میں مفید ہے۔

مدربول ہے، مصفی خون و مسکن ہے۔

حاذق حکیم اس سے پارہ کی مضرت دور کرتا ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

بکائن اور نمک بکائن کے فوائد اور استعمالات

بکائن بظاہر نیم کی طرح دکھنے والا درخت ہے۔ پتے، پھول اور پھل بھی بظاہر نیم جیسے ہیں لیکن بکائن میں سبز رنگت نسبتاً زیادہ ہوتی ہے۔ پھل گول ہوتا ہے جس کو تخم بکائن کہتے ہیں۔ بکائن کے تمام اجزاء تلخ ہوتے ہیں۔

بکثرت پایا جانے والا یہ درخت گرم خشک مزاج رکھتا ہے اور مصفی خون ہے۔

- ☆ مصفی خون اس کا نفع خاص ہے۔

دیگر افعال میں

- ☆ محلل اورام
- ☆ مسکن الم
- ☆ قاتل کرم
- ☆ منقی ومجفف قروح
- ☆ دافع تعفن
- ☆ مدر حیض
- ☆ ملین ودافع حمی

اس کے مغز کا سفوف ونمک بکائن مستعمل ہے۔

مندرجہ ذیل عوارجات وامراض میں

- ☆ بواسیر
- ☆ قبض
- ☆ احتباس طمث
- ☆ عسر طمث
- ☆ قرحہ معدی و اثنا عشری
- ☆ ذیابیطس
- ☆ سلسل بول اور تقطیر البول

نمک بکائن اور برگ، پوست و مغز کو مندرجہ ذیل امراض میں بلا جھجک استعمال کیا جاسکتا ہے۔

- ☆ فساد الدم
- ☆ جزام
- ☆ برص
- ☆ خنازیر
- ☆ خارش و دیگر امراض جلدیہ میں داخلاً و خارجاً مستعمل ہے۔

برگ محلل اورام میں کمال

پوست و بیخ بکائن دیدان امعاء میں کمال

پوست بکائن کا خسیاندہ مختلف بخاروں میں جبکہ نمک بکائن مندرجہ بالا سب میں مفید ہے۔

شہد بہترین مصلح

نمک بکائن کے فوائد اور استعمالات

- ✩ بہترین مصفی خون ہے۔
- ✩ خارش کے لئے مفید ہے۔
- ✩ بواسیر پر بہترین کام کرتا ہے۔
- ✩ ناسور بھگندر پر بھی کام کرتا ہے۔
- ✩ دیگر ادویات کے ساتھ مل کر امراض خبیثہ پر بھی کام کرتا ہے۔

مجربات نمک بکائن

بواسیر کے لئے

اجزاء و اشیاء:	نمک بکائن	1 تولہ
	ہلیلہ سیاہ بریاں	2 تولہ
	رسونت	2 تولہ
	نمک مولی	1 تولہ

ترکیب تیاری: پیس کر یکجان کر کے رکھ لیں۔

طریقہ استعمال: ایک تا دو ماشہ یہ نمک ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

فوائد: بواسیر ہمیشہ کے لئے ٹھیک ہو جاتی ہے۔

خون آنا اور مسوں کا ورم بھی جاتا رہتا ہے۔

ریح بواسیر کے لئے

اجزاءواشیاء:	ہیرا ہینگ	6ماشہ
	فلفل سفید	9ماشہ
	سہاگہ بریاں	9ماشہ
	نوشادر	9ماشہ
	نمک لاہور	9ماشہ

ترکیب تیاری: پیس کر کسی تام چینی کے برتن میں آب برگ سہانجنہ آب ادرک ادویات میں شامل کر کے دوا کو پھیلا دیں۔پانی اتنا ڈالنا ہے کہ ادویات دو ہفتہ تک تر رہیں۔اب اس برتن پر کپڑا باندھ کر دھوپ میں برتن رکھ دیں جب اس میں خمیر پیدا ہو کر گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو دانہ مونگ برابر گولی بنالیں۔

طریقہ استعمال: ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ عرق بادیاں دیں۔

فوائد: یادرہے بادی اور خونی ہ دو اقسام بواسیر میں یہ دوا مفید ہے۔

اس کے علاوہ بھی فوائد بے شمار ہیں۔جیسے وجع المفاصل میں بھی بہت مفید ہے۔

صاحب نسخہ: محترم حکیم محمود بھٹہ صاحب

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک مدار کے فوائد اور استعمالات

مزاج: گرم خشک

مقدار خوراک: ایک رتی

نمک مدار کو مندرجہ ذیل امراض میں مفید و موثر پایا گیا ہے۔

☆ بلغمی دمہ اور تپ دق کے لئے شربت اعجاز کے ساتھ استعمال کریں۔

☆ ہر قسم کے بخار کو اسپرین کی طرح پسینہ لا کر اتارتا ہے۔

☆ درد اعصاب، پسلی کا درد، رینگن کے لئے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

☆ درد معدہ اور قے کے لئے عرق پودینہ کے ساتھ استعمال کریں۔

☆ بچوں کے بخار، کھانسی اور نمونیہ کے لئے مقدار خوراک ایک چاول شہد ملا کر چٹائیں۔

☆ بلغمی کھانسی اور نزلہ کے لئے ایک رتی شہد ایک چمچ میں ملا کر رات سوتے وقت چاٹ لیں۔ صبح بلغم خارج ہو جائے گی۔

مجرب از

بھائی محترم حکیم چوہدری طارق حسین صاحب

نمک باتھو کے فوائد اور استعمالات

باتھو کا پودا وٹامنز اور معدنیات سے بھرپور ہوتا ہے، خاص طور پر وٹامن سی، وٹامن اے، کیلشیم اور آئرن پائے جاتے ہیں۔

نمک باتھو کے مجربات درج ذیل ہیں۔

- ☆ نمک باتھو گرم مزاج کا حامل ہے۔ جسم کے اندر سردی ہو تو اس کو یہ ختم کرتا ہے۔
- ☆ نمک باتھو زہروں کا تریاق ہے۔
- ☆ سموم کا تریاق ہے۔

جہاں پر زہر کوئی بنانا ہے۔ ساتھ نمک باتھو شامل کر دیں گے تو یہ اس زہر کا تریاق بن جاتا ہے جیسا کہ رسکپور ہم نمک باتھو میں بناتے ہیں تو دیتے ہیں اس کے افعال و اثرات زہریلے ختم ہو کر اس کا کام کرنے کی گریویٹی سو پرسنٹ بڑھ جاتی ہے۔

- ☆ نمک باتھو ریگیں کھولتا ہے۔
- ☆ مصفی خون ہے۔ خون کی صفائی کرتا ہے۔
- ☆ خون کو پتلا بھی کرتا ہے۔
- ☆ نمک باتھو نمک دھماسہ کے ساتھ مل کر کینسر تک کو ختم کر دیتا ہے۔ ماشاءاللہ

نمک باتھو جو کہ پورے پودے کو جلا کر مخصوص طریقہ سے حاصل کیا جاتا ہے۔

نمک باتھو کے طبی فوائد پر نظر دوڑاتے ہیں۔ نمک باتھو کے طبی فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ ہاضمہ کے نظام کو بہتر بناتا ہے اور قبض کا علاج کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

☆ وٹامن اے اور وٹامن سی کی موجودگی کی وجہ سے نمک باتھو جلد کی صحت کے لئے مفید ہے۔ یہ جلد کو صاف اور چمکدار بناتا ہے۔

☆ وٹامن سی کی وجہ سے نمک باتھو قوت مدافعت کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے۔ جو جسم کو بیماریوں سے لڑنے کی صلاحیت دیتا ہے۔

☆ نمک باتھو میں موجود کیلشیم اور فاسفورس ہڈیوں کو مضبوط بناتے ہیں اور ہڈیوں کی بیماریوں جیسے آسٹیوپوروسس سے بچانے میں مددگار ہیں۔

☆ وٹامن اے کی موجودگی کی وجہ سے نمک باتھو آنکھوں کی صحت کے لئے مفید ہے اور بینائی کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہے۔

☆ نمک باتھو کا استعمال خون کی صفائی کے لئے بھی مفید ہے اور جسم سے زہریلے مادوں کو خارج کرنے میں مددگار ہے۔

☆ نمک باتھو میں موجود غذائی اجزاء دل کی صحت کو بہتر بنانے میں مددگار ہیں اور دل کی بیماریوں کے خطرے کو کم کرتے ہیں۔

☆ نمک باتھو میں موجود اینٹی آکسیڈنٹس جسم کو فری ریڈیکلز سے بچانے میں مدد کرتے ہیں جو مختلف بیماریوں کا باعث بنتے ہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

اسگندھ اور نمک اسگندھ کے فوائد اور استعمالات

اسگندھ، آکسن

مزاج: گرم تر

آیورویدک میں اسے رسائن کا درجہ حاصل ہے۔

☆ غدود کو تحریک

☆ اعصاب کو تسکین

☆ عضلات کو تحلیل کرتی ہے۔

اسگندھ ایک پوداہوتا ہے جو ذہنی دباؤ اور مجموعی صحت میں ادویاتی طور پر مستعمل ہے۔ آخر میں مجربات بھی شامل کر دیئے گئے ہیں۔

1۔ پورے پودے سے سفوف بنائیں۔

2۔ پورے پودے کا نمک بنائیں۔

3۔ جڑ سے سفوف بنائیں۔

4۔ جڑ کے چھلکے سے سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: پانچ سے ملی گرام سفوف (جڑ یا جڑ کا چھلکا) اور ایک سے سولہ چاول کے برابر نمک جو کہ درجہ مرض اور مریض کی جسمانی حالت پر منحصر ہے اور حتمی فیصلہ طبیب کا ہے۔ خود سے کھانا چاہیں تو بس ایک چاول سے ہی شروع کریں۔

(تین دن کھائیں اور تین دن ناغہ جبکہ ایک ماہ سے تین ماہ تک استعمال کریں بس پھر اگلے سال دن میں ایک سے دو بار۔

- ☆ ذہنی سکون اور جسمانی سکون۔
- ☆ نیند میں بہتری قوت مدافعت میں بہتری۔
- ☆ سوزش میں کمی اور پورا جسم فٹ
- ☆ امراض دل میں حفظ ماتقدم کے طور سے اور طاقت کی بحالی فوری طور پر
- ☆ اعصابی صحت ذہنی اذیت و تفکرات میں مفید اور یاداشت میں بہت جلد بہتری آئے گی۔
- ☆ چست اور چاک وچوبند جسمانی حالت کے لئے اندرونی توڑ پھوڑ میں بہترین مرمت کا ذریعہ
- ☆ شوگر کے بڑھے ہوئے غیر طبعی لیول کو گرانا۔
- ☆ اسگندھ کے نمک کا استعمال آپ کو ایک بار بالکل نیا کر دے گا ہر لحاظ سے اور آپ اپنی عمر سے جوان نظر آئیں گے۔
- ☆ نظام انہظام میں مکمل مدد اور بہتری لانا۔
- ☆ ہارمونل توازن کا قائم ہو جانا۔

جیسے فوائد سے بھرپور ہے۔بہت محفوظ ترین جڑی بوٹی ہے۔
اگر مقدار خوراک میں تجاوز اور سیلف میڈیکیشن میں فوائد ملنا مشکل ہے۔
اس لئے قابل طبیب سے مشورہ کریں اور مقدار خوراک میں رہ کر کھائیں اور مزید احتیاط یہ ہے

کہ بتائی گئی خوراک کو بھی آدھا کریں اور تین دن تک مقدار پر آئیں۔

☆ نمک اسگندھ کو مزید احتیاط سے لیں۔

کیپسول میں یا کسی دوا میں یا پانی میں گھول کر سفوف ایک سے ڈیڑھ گھنٹہ میں فوائد دے گا اور چار گھنٹے میں ہضم ہو جائے گا۔ جبکہ نمک اسگندھ پندرہ سے بیس منٹ میں فوائد دے گا اور ڈیڑھ گھنٹہ میں ہضم ہو جائے گا۔

ہضم کے بعد فوائد کو واضح محسوس کیا جاسکے گا۔ سفوف اور نمک میں تناسب عام طور پر ایک اور آٹھ کار کھا جاسکتا ہے۔ مطلب سفوف اگر ایک گرام لیں تو نمک کی مقدار 125 ملی گرام لی جاسکتی ہے لیکن ایک وقت میں ایک۔

مجربات نمک اسگندھ

نمکیات پر کثیر وقت صرف کرنے کے بعد مندرجہ ذیل مجربات کو بھی استعمال لائیں۔

آپ اپنے قابل بھروسہ تعلیم و تجربہ کار طبیب سے مشاورت کرکے بنائیں اور استعمال میں لائیں۔

جسمانی کمزوری

اجزاءواشیاء:	نمک اسگندھ	1تولہ
	ثعلب مصری	5تولہ

ترکیب تیاری: سفوف بنائیں اور ملالیں۔

طریقہ استعمال: ایک سے دو رتی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: جسم کو مضبوط توانا اور فربہ کرتا ہے۔

قوت باہ

اجزاء واشیاء:	نمک اسگندھ	1 تولہ
	موصلی سفید	5 تولہ

ترکیب تیاری: سفوف بنائیں اور ملا لیں۔

طریقہ استعمال: ایک سے دو رتی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: قوت باہ و مولد و مغلظ منی ہے۔

جریان

اجزاء واشیاء:	نمک اسگندھ	1 تولہ
	ہرڑ سیاہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: سفوف بنائیں اور ملا لیں۔

طریقہ استعمال: ایک سے دو رتی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: جریان احتلام کے لئے بہترین چیز ہے۔

رقت منی

اجزاءواشیاء:	نمک اسگندھ	1 تولہ
	ستاور	5 تولہ
	ثعلب پنجہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: سفوف بنائیں اور ملا لیں۔

طریقہ استعمال: ایک سے دو رتی صبح وشام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: برائے رقت منی استعمال کریں۔ بہترین رزلٹ کا حامل ہے۔

امراض رحم کی اکسیر

اجزاءواشیاء:	نمک اسگندھ	1 تولہ
	سپاری تیلیہ	5 تولہ

ترکیب تیاری: سفوف بنائیں اور ملا لیں۔

طریقہ استعمال: ایک سے دو رتی صبح وشام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: مقوی رحم ہے، پانی کی تھیلیاں، ورم رحم، مصفی رحم اور عمومی ضعف و امراض رحم و وجع المفاصل کے لئے مفید و موثر ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک اسگندھ کے خواص

نمک اسگندھ آکسن، مجرب ذاتی

یورک ایسڈ، پس سیلز، قوت باہ، مقوی جسم سر تا پا، بدن میں تناؤ کی وجہ سے کمر درد، دمہ، دبلا پن، السر۔ امراض رحم، رحم کی رسولیاں، جلن والا لیکوریا۔ مہروں کا خلا، فالج، لقوہ، وغیرہ

نمک اسگندھ کی دورتی خوراک اگر دودھ کے ساتھ لی جائے تو جسمانی کمزوری قریب تک نہیں آتی۔

القراط دواخانہ لاہور

ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل

0322-2040904

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔
حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک ببول کیکر کے فوائد

سرد خشک مزاج کا حامل ہے۔

- ☆ ذکاوت حس جریان منی قطروں کا اخراج ان کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ سرعت انزال بوجہ گرمی کے لئے مفید ہے۔
- ☆ امساک پیدا کرتا ہے۔
- ☆ منی کا پتلا پن دور کرتا ہے۔ منی کی حدت کو کم کرتا ہے۔ بہترین مغلظ ہے۔
- ☆ سیلان الرحم لیکوریا کے لئے مفید ہے۔
- ☆ بہتے ہوئے خون دیگر رطوبات کو خشک کرتا ہے۔
- ☆ کثرت حیض میں مستعمل ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

نمک نیم کے فوائد

- ☆ مصفی خون ہے۔
- ☆ خارش سے نجات دلاتا ہے۔
- ☆ چہرے کے داغ دھبے، چھائیاں، کیل مہاسوں سے نجات دلاتا ہے۔
- ☆ دھدر، چنبل، پھوڑے، پھنسیاں، فساد خون کے جملہ امراض میں مستعمل ہے۔
- ☆ زخموں کو جلدی بھرتا ہے۔
- ☆ بواسیر کے لئے مفید ہے۔
- ☆ دافع بخار ہے۔
- ☆ پیٹ کے کیڑے ہلاک کرتا ہے۔
- ☆ جلد کو نکھار کر اس کی حفاظت کرتا ہے۔
- ☆ جلدی انفیکشن سے بچاتا ہے۔
- ☆ شوگر لیول کو کنٹرول کرتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک افسنتین کے فوائد

- ☆ ڈینگی بخار ملیریا پر بہترین کام کرتا ہے۔
- ☆ پرانے بخاروں پر بہترین کام کرتا ہے۔
- ☆ گلے کا ورم اور سوزش کے لئے مفید ہے۔
- ☆ نزلہ و زکام کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ شوگر معدی کے لئے مفید ہے۔
- ☆ بہترین مصفی خون ہے۔
- ☆ بواسیر، بدہضمی، خارش، داد، چنبل کے لئے مستعمل ہے۔
- ☆ جلدی امراض میں مستعمل ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک نگند بابری کے فوائد

- ☆ تمام جلدی امراض کے لئے آب حیات ہے۔
- ☆ مصفی خون ہے۔
- ☆ خارش کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ بواسیر کے لئے مفید ہے۔
- ☆ زہروں کا تریاق ہے۔
- ☆ محلل اورام سوزش ورم کے لئے مفید ہے۔
- ☆ جلدی انفیکشن سے نجات دلاتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

جلدی امراض کی خاص دوا

اجزاء و اشیاء: نمک نگند بابری 10 گرام

نمک افسنتین 10 گرام

مرچ سیاہ 10 گرام

ترکیب تیاری: تینوں کا سفوف اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی مریض کی عمر، مرض، موجودہ کیفیت کے مطابق ہمراہ آب تازہ یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: بخاروں کے لئے مفید ہے۔

خارش، پیپ والے دانوں کے لئے مفید ہے۔

پھوڑے، پھنسیاں، منی میں پس سیلز انفیکشن کے لئے مفید و مجرب ہے۔

جلدی امراض کی خاص دوا ہے۔

ایک قابل طبیب اس دوا کو مریض کے مزاج، عمر، مرض کو دیکھتے ہوئے بہت سی لا تعداد امراض میں استعمال کروا سکتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک دھماسہ کے فوائد

- ☆ بہترین اور اعلیٰ درجہ کا مصفی اعظم ہے۔ خون کو ایسے صاف کرتا ہے جیسے شیشہ ہو۔
- ☆ خون کے لوتھڑوں کو پگھلا کر خون کو پتلا کرتا ہے۔
- ☆ ہیپاٹائٹس کے لئے مفید ہے۔
- ☆ کینسر، بریسٹ کینسر، امراض خبیثہ جملہ فساد خون امراض کا شافی علاج ہے۔
- ☆ اٹھرا کے لئے کامیاب دوا ہے۔
- ☆ خارش، پھوڑے، پھنسی، دھدر، چنبل، ایکنی، کیل مہاسے سب کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ جسم میں بننے والی رسولیوں، گلٹیوں کے لئے استعمال ہونے والی بہترین دوا ہے۔
- ☆ مختلف اقسام کی الرجی کے لئے مفید ہے۔

ایک قابل طبیب بہت سی امراض کا صرف اس کا استعمال کروا کر علاج کر سکتا ہے۔

دھماسہ ایک مشہور و معروف جڑی بوٹی ہے۔

خشک علاقوں میں پائی جاتی ہے۔

ایک کرشماتی جڑی بوٹی ہے۔

طب یونانی میں مفرد دوا کے طور پر زیادہ تر استعمال ہوتی ہے۔

پورا پودا مختلف بیماریوں کے علاج کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

- ☆ سانس کے مسائل (کھانسی، نزلہ، دمہ)
- ☆ ہضم کے مسائل (قبض، اسہال، بد ہضمی)
- ☆ سوزشی حالات (گنٹھیا، گاؤٹ، جوڑوں کے درد)
- ☆ جلدی مسائل (مہاسے، ایگزیما، خارش)
- ☆ پیشاب کی نالی کے مسائل (انفیکشن و پتھری)
- ☆ اینٹی آکسیڈینٹ (محافظ دل و کینسر ہے)
- ☆ دافع سوزش (درد و سوجن) بطور ماؤتھ واش مفید ہے۔
- ☆ دافع مائکروبیل (مکمل صحت) خصوصیات ہیں۔

حفظ ماتقدم کے طور پر دھماسہ بوٹی کا عرق یا قہوہ مفید ہے۔

- ☆ چھاتی کے کینسر میں
- ☆ بڑی آنت کے کینسر میں
- ☆ پھیپھڑوں کے کینسر میں

پاکستان میں کینسر سمیت مختلف بیماریوں کے علاج کے لئے استعمال ہو رہا ہے۔

کینسر مخالف اثرات میں مددگار ہے۔

دھماسہ مذکورہ کینسرز سمیت مختلف قسم کے کینسر کے علاج میں مفید ہے۔

استعمالات بطور سفوف (ترجیحاً کپڑ چھان)

پاؤڈر کی شکل میں استعمال کرنا اور فوائد کو اپنے روزمرہ زندگی کے معمولات میں شامل کرنے کا عہد کر لیں۔

دھماسہ استعمال کرنے کے کچھ طریقے یہ ہیں۔

- ☆ دھماسہ پاؤڈر کے 1/2 چھوٹا چمچ پانی یا جوس کے ساتھ دن میں 2 بار لیا جا سکتا ہے۔
- ☆ دھماسہ پاؤڈر کھانے پر چھڑک کر جیسے سلاد، سوپ یا دہی وغیرہ بھی لیا جا سکتا ہے۔
- ☆ قہوہ بنانے کے لئے 2-1 چائے کے چمچ دھماسہ پاؤڈر کو ایک گلاس پانی میں آدھا گلا رہ جانے تک ڈھک کر پکائیں اور چھان کر دن میں دو بار خالی پیٹ۔
- ☆ کیپسول 500 ملی گرام میں دھماسہ پاؤڈر سے بھریں اور دن میں 2-3 کیپسول لیں۔
- ☆ دھماسہ پاؤڈر کو کیریئر آئل (ناریل یا زیتون) کے ساتھ ملا کر جلد پر استعمال کریں۔
- ☆ ایک چھوٹی سی خوراک (1/2 چائے کا چمچ) سے شروع کریں۔

دھماسہ تمک کے فوائد اور نہایت قلیل مقدار میں استعمال تمام فوائد یقینی بنا دے گا۔

طالب دعا: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

0302-2311487, 0305-4542113

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک بانس کے فوائد

- ☆ جس طرح یہ خود ہوتا ہے اسی طرح ہڈیوں کو قوت دے کر قد کو بڑھاتا ہے۔
- ☆ ہڈیوں جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

مقدار خوراک ایک رتی روزانہ مربہ گاجر میں رکھ کر مسلسل چھ ماہ

- ☆ بلغمی دمہ، بلغمی کھانسی کے لئے مفید ہے۔
- ☆ چہرے کے دانے، جسم کی گرمی
- ☆ لیکوریا، قد کا نہ بڑھنا ان سب امراض کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ رطوبات زائد کو خشک کرتا ہے۔
- ☆ بواسیر خونی میں مفید ہے۔
- ☆ ہڈیوں کو طاقت دیتا ہے، ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔
- ☆ قد بڑھانے کے لئے مربہ بانس کا استعمال بھی ساتھ کروائیں۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک حنظل تمہ کے فوائد

- ☆ کھانسی، دمہ میں مفید ہے۔
- ☆ مخرج بلغم ہے۔
- ☆ مصفی خون ہے۔
- ☆ خارش دانوں کے لئے مفید ہے۔
- ☆ شوگر کے لئے مفید ہے۔
- ☆ بہترین مسہل ہے، قبض کشا ہے۔
- ☆ جوڑوں کے دردوں میں مفید ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

نمک جوز ماثل کے فوائد

- ☆ نزلہ زکام کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ کھانسی دمہ میں مفید ہے۔
- ☆ مسکن ذکاوت حس کے لئے مفید ہے۔
- ☆ جریان، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔
- ☆ جوڑوں کے دردوں میں مفید ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

www.tabeebpedia.com

نمک جامن کے فوائد

☆ مفرح قلب ہے۔

☆ دل کو تقویت دیتا ہے۔

☆ امراض معدہ کے لئے مستعمل ہے۔

☆ نظام انہظام کی اصلاح کرتا ہے۔

☆ معدے کی تیزابیت گیس سے نجات دلاتا ہے۔

☆ جگر کے لئے مفید ہے۔

☆ یہ کھانسی، موٹاپا کے لئے مفید ہے۔

☆ شوگر کنٹرول کرتا ہے۔

☆ جسے سے زہریلے فاسد مادوں کا اخراج کرتا ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

نمک جمالگوٹہ کے فوائد

دست آور ہے۔

زیادہ مقدار میں استعمال باعث ہلاکت ہے۔

طریقہ استعمال وضروری احتیاط

مقدار خوراک 1 گرام نمک جمالگوٹہ میں 100 گرام کوئی بھی دوا یعنی جو آپ بنانا چاہتے ہیں ملا کر گرام 1+100 گرام کی بیڈ میں بنائیں۔

اس کے بعد مقدار خوراک جو بھی مریض کو استعمال کروانی ہے۔

آدھی سے ایک رتی سے زیادہ نہیں کروانی

قوت باہ کے لئے

اجزاءواشیاء: نمک جمالگوٹہ 1 گرام

چینی 100 گرام

ترکیب تیاری: دونوں کو اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک رتی کی مقدار دیں۔

فوائد: قوت باہ کے لئے مفید ہے۔

مسہل کے لئے

اجزاءواشیاء: نمک جمالگوٹہ 1 گرام
منقہ بغیر بیج کے 100 گرام

ترکیب تیاری: دونوں کی ہاون دستے میں خوب کٹائی کریں۔
جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو مرچ سیاہ کے برابر گولی بنالیں۔
تیار ہے۔

مقدار خوراک: مقدار خوراک ایک گولی ہے۔

فوائد: بلغم کا ٹاپ کلاس مسہل ہے۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

نمک ہرن کھری لیلی بوٹی کے فوائد

- ☆ دست آور ہے۔
- ☆ قلیل مقدار میں استعمال مقوی معدہ ہے۔
- ☆ بواسیر خونی کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ مصفی خون ہے۔
- ☆ جلدی امراض میں مفید ہے۔
- ☆ سینے پہ جمی ہوئی بلغم براستہ دست خارج کرتا ہے۔
- ☆ معدہ کو صاف کرتا ہے۔
- ☆ کھانسی دمہ میں مفید ہے۔
- ☆ ہلکی ملین ہے۔
- ☆ تازہ ہرن کھری کا ساگ بنا کر کھلانے سے قبض سے افاقہ ہوتا ہے۔

پیٹ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

نمک برہم ڈنڈی کے فوائد

برہم ڈنڈی۔(برم ڈنڈی)

ماہیت: اس کا پودا نصف گز تک بلند ہوتا ہے۔اس بوٹی کے تمام اجزاء تلخ ہوتے ہیں۔

مزاج: گرم وخشک

افعال: مقوی جسم ومقوی حافظہ، مصفی خون، دافع تپ ہائے کہنہ۔

مجرب ذاتی نمک برہم ڈنڈی

- ☆ اس بوٹی کا نمک تیز ترین مصفی خون ہے۔
- ☆ خارش پھوڑے پھنسی کے لئے مفید ہے۔
- ☆ جلدی مسے، موہکے، گلٹیاں ختم کرتا ہے۔
- ☆ رحم کی رسولیاں تک ختم کر دیتا ہے، ہر طرح کے ناسور ختم کرتا ہے۔

لیکن کبھی بھی اس کے نمک کو تنہا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔گرم وخشک مزاج والوں کو خاص طور پر کیونکہ یہ خشکی بہت زیادہ کرتا ہے۔

طالب دعا: ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب

القراط دواخانہ لاہور

0322-8040904

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک تمباکو کے فوائد

نمک تمباکو

- ☆ محلل انجرہ وریاح، مجفف رطوبات غریبہ ہے
- ☆ دافع تشنج، معرق، مدر بول
- ☆ دافع بلغم ہے۔
- ☆ پرانی کھانسی اور تکلیف تنفس میں استعمال کیا جاتا ہے۔
- ☆ زیادہ مقدار میں مسہل اور مقی ہے۔

نمک تمباکو کے ذاتی مجربات

- ☆ پرانی کھانسی، کالی کھانسی، ضیق النفس، دمہ
- ☆ امساک
- ☆ بواسیر کے مسوں پر بہت زیادہ کامیاب ثابت ہوا۔

طالب دعا: ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب

القراط دواخانہ لاہور

0322-8040904

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمک سونٹھ کے فوائد

نمک سونٹھ طب یونانی کا ایک طلسماتی نمک ہے۔

- ☆ تمام بادی امراض میں مفید ہے۔
- ☆ بلغمی امراض میں اکسیر کا کام کرتا ہے۔

مقدار خوراک 10 ملی گرام سے 40 ملی گرام تک صرف حکماء کے لئے

طالب دعا: ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب

القراط دواخانہ لاہور

0322-8040904

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔

سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

ضروری نوٹ

مختلف نمکیات پر اساتذہ کرام و اطباء کرام کے مجربات پیش خدمت ہیں۔ جن دوستوں نے نمکیات کو اپنے مریضوں کو استعمال کروایا اور بہترین رزلٹ حاصل کیا ان اطباء کرام کے مجربات و تجربات کو اس کتاب کا حصہ بنا دیا گیا ہے تاکہ دوست مستفید ہو سکیں۔

نمک تکہ ملئی کے فوائد

نمک تکہ ملئی کا استعمال برائے ہچکی، پتھری گردہ و مثانہ، بواسیر

- ہچکی کے لئے بہترین دوا ہے۔
- پتھری گردہ مثانہ کے لئے بہترین مجرب دوا ہے۔
- بواسیر خونی کے لئے اکسیر ہے۔
- جو ہچکی کسی دوا سے نہ رک رہی ہو نمک تکہ ملئی شہد میں ملا کر ایک رتی کی مقدار دیں۔ اللہ کے فضل سے فوراً ہچکی رک جاتی ہے۔
- پتھری گردہ و مثانہ کے لئے شہد اور پانی ملا کر اس کے ساتھ ایک تی کی مقدار دیں۔
- بواسیر کے لئے شہد کے ساتھ استعمال کروائیں۔

عطیہ خاص طالب دعا: محترم حکیم طارق رحمان مغل صاحب لاہور

0302-2311487

پرانے بخاروں کے لئے

اجزاء و اشیاء: ست گلو خانہ ساز 5 تولہ

نمک گلو 1 تولہ

کالی مرچ 4 تولہ

اجوائن دیسی 5 تولہ

مغز بادام خود نکالے ہوئے 10 تولہ

ترکیب تیاری: تمام چیزوں کا فائن پاؤڈر کرکے یکجان کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

طریقہ استعمال: صبح دوپہر شام دو دو گرام ہمراہ آب تازہ

فوائد: پرانے بخاروں کی بہترین اور کامیاب دوا ہے ساتھ پیپل کی مسواک کریں۔

معدہ کی اصلاح اور انتڑیوں کی سوزش کے لئے

ساتھ لازمی معاون دوا دیں اکسیر بادیاں وغیرہ۔

نصاب: ایک ماہ

پرہیز: نمک مرچ بند بازاری کھانے فاسٹ فوڈ کولڈ ڈرنکس وغیر

غذا: دودھ دلیہ ساگودانہ کی کھیر نرم غذا رکھیں۔

عطیہ نسخہ: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

اکسیر مصفی خون

اجزاء و اشیاء:	نمک دھماسہ	10 گرام
	نمک افسنتین	10 گرام
	نمک نیم	10 گرام
	نمک نگندبابری	10 گرام
	ہلدی کپڑ چھان سفوف	30 گرام
	دھماسہ کپڑ چھان سفوف	30 گرام
	پنیر ڈوڈی کپڑ چھان سفوف	40 گرام

ترکیب تیاری: سب کو الگ الگ وزن پورا کر کے اتنا کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائے۔

مقدار خوراک: آدھی رتی سے ایک رتی

طریقہ استعمال: صبح شام بعد از طعام ہمراہ عرق شاہترہ + عرق منڈی + عرق دھماسہ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

فوائد: بہترین اور اعلیٰ درجہ کا اکسیر مصفی خون ہے۔ چہرے کے داغ دھبے دانے پھوڑے پھنسی خارش بھگندر، دھدر، چنبل، خون کی خرابی سے ہونے والی تمام امراض کے لئے بہترین اور اعلیٰ دوا ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

ست جوزماثل سیاہ کے بے شمار فوائد

☆ اس کو برابر وزن اجوائن، اذراقی مدبر اور سورنجان شیریں کے ساتھ ملائیں۔

شہد کی مدد سے حب نخود تیار کریں۔

دردوں کے لئے، سردی کے لئے، بلغمی امراض کے لئے فوری نتائج دیتی ہے۔

☆ یہی ست جوزماثل سیاہ ایک تولہ، شنگرف رومی ایک تولہ، عقرقرحا ایک تولہ،

8 گھنٹے کامل رگڑائی کرلیں۔

ایک رتی، دودھ یا چائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

بہترین محرک ہے۔ انتشار لائے گی۔

اگر اسی سفوف میں مزید 5 گرام تریاق شامل کرلیں تو پھر بھی مقدار خوراک

ایک رتی ملائیں۔ مکھن یا دودھ سے دیں۔

انتشار، امساک، پٹھوں کی کمزوری کی لازوال دوا ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

اعلیٰ درجے کا مصفی خون، چہرے کے داغ دھبے چھائیاں ختم

اجزاء و اشیاء:	نمک دھماسہ	10 گرام
	نمک ہلدی	10 گرام
	ہلدی تازہ خود خشک کی ہوئی کپڑ چھان سفوف	180 گرام

ترکیب تیاری: تینوں کو ملا کر اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔
250 ملی گرام سے 500 ملی گرام کیپسول بھر لیں۔

طریقہ استعمال: 250 ملی گرام سے لے کر 500 ملی گرام کا ایک ایک کیپسول صبح شام
ہمراہ عرق شاہترہ استعمال کروائیں۔ طبیب مقدار کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔
پانی کا استعمال 6 سے 8 گلاس کریں۔

فوائد: چہرے کے داغ دھبے، چھائیاں کے لئے بہترین ہے اور اعلیٰ درجے کا مصفی خون ہے۔ ایک ماہ کے با پرہیز استعمال سے بہترین نتائج ملیں گے۔

پرہیز: تمام فاسٹ فوڈر، بازاری چٹ پٹے کھانے، تیز مرچ مصالحہ جات سے پرہیز کریں۔

ایڈوائس: سادہ غذا کا استعمال کریں۔ تازہ پھلوں کا جوس پیئیں۔ تازہ سبزیاں استعمال کریں۔ سلاد میں کھیرے کا استعمال کریں۔ پانی کا استعمال زیادہ کریں۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

ذکاوت حس، جریان، احتلام، سرعت، لیکوریا

اجزاء واشیاء:

نمک قنب	20 گرام
نمک ہزار دانی	20 گرام
نمک ببول (نمک کیکر)	30 گرام
کشتہ صدف کافوری	10 گرام
کشتہ سنکھ در دھماسہ نیم باتھو کرونڈ میں تیار کردہ	10 گرام
کوزہ مصری	120 گرام

ترکیب تیاری: سب کو کھرل کر کے یکجان کرلیں۔ تیار ہے۔

طریقہ استعمال: 250 ملی گرام کا کیپسول صبح شام کھانے کے بعد نیم گرم گڑ والے دودھ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

فوائد: ذکاوت حس، جریان، احتلام، سرعت انزال اور لیکوریا کے لئے بہترین مرکب ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

درد گردہ، پتھری گردہ مثانہ

اجزاءواشیاء:	کشتہ سنگ یہود در آب مولی	50 گرام
	کشتہ سنگ سرماہی	25 گرام
	نمک مولی	25 گرام
	نمک کچری	12 گرام
	مرچ سیاہ	12 گرام

ترکیب تیاری: سب اجزاء کو ملا کر کم از کم ایک گھنٹہ خوب کھرل کریں کہ یکجان ہو جائیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام سے لے کر 1000 ملی گرام تک کیپسول بھر لیں

طریقہ استعمال: ایک ایک کیپسول صبح شام ہمراہ سادہ پانی دیں۔

فوائد: درد کی صورت میں سیون اپ بوتل سے دیں۔

درد گردہ، پتھری گردہ مثانہ کے لئے بہترین مرکب ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

طب قدیم کا ست گلو خانہ ساز

پرانے بخاروں کے لئے بہترین دوا

اجزاءواشیاء:	ست گلو	10تولہ
	اجوائن دیسی	10تولہ
	مرچ سیاہ	5تولہ

ترکیب تیاری: باریک سفوف بنالیں اور 500 ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

نصاب: پرانا بخار کے لئے 14 یوم تک استعمال کریں۔

عطیہ نسخہ: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

Kidney Failure گردے فیل، گردے سکڑنا، پیشاب کم آنا

- ☆ لاکھوں طبیہ کالجز کے نصاب کا حصہ۔
- ☆ ایسا نسخہ کہ ڈیلائسز پہ مریض کو شروع کروا دیں۔
- ☆ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قدرتی یورین کی فلٹریشن شروع ہو جائے گی۔
- ☆ گردوں کا سکیڑ کھل جائے گا۔
- ☆ سوجن سے بند نیفرون اپنا کام شروع کر دیں گی۔
- ☆ گردے اپنی طبعی حالت پر آ جائیں گے۔

اجزاء و اشیاء:	جو کھار خانہ ساز	100 گرام
	نمک مولی	100 گرام
	نمک بسکھپرا پنر نواہ	100 گرام
	نمک اٹ سٹ	100 گرام
	دانہ الائچی کلاں انڈین	100 گرام
	کشتہ سنکھ (در بکھڑا)	100 گرام
	کھار ککڑی	100 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزاء مثل غبار کر کے اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائیں۔
ائیر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کیپسول دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں۔

کھانے پینے کا شیڈول: جو کا دلیہ دیں۔
خربوزے کا بمع بیج و چھلکا جوس پلائیں۔
پہلے دن سے شفا پائیں۔

طالب دعا: استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب
0300-4117450

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

نوٹ: تمام دوائیں معالج کے مشورے اور ان کی زیر نگرانی استعمال کریں۔
سیلف میڈیسن سے پرہیز کریں۔ غیر طبیب دور رہیں۔

سرعت انزال

اجزاءواشیاء:	نمک دھتورہ	15 گرام
	نمک حرمل	15 گرام
	نمک خولنجان	15 گرام
	نمک سفیدہ	15 گرام
	نمک کریلہ	15 گرام

ترکیب تیاری: سارے نمکیات کھرل میں ڈال کر کم از کم ایک گھنٹہ خوب کھرل کریں۔ یکجان ہو جائیں تو تیار ہے۔ شیشے کے ائیر ٹائٹ جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی پہلے دن صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ دوسرے دن سے صرف صبح شام استعمال کروایا جائے۔

فوائد: سرعت انزال کے لئے نہایت مؤثر ہے۔ مجرب است

عطیہ نسخہ: محترم ڈاکٹر ایم ادبی صاحب
فرام قصور

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

بلڈ یوریا، کریٹینن، یورک ایسڈ

اجزاء واشیاء: نمک مدار 15 گرام
نمک مولی 15 گرام
نمک جو کھار خود ساختہ 15 گرام

ترکیب تیاری: سارے نمکیات کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ یکجان ہو جائیں تو تیار ہے۔ شیشے کے ائیر ٹائٹ جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی تا دو رتی دن میں تین بار ہمراہ شربت بزوری بار دیا معتدل سے دیں۔

فوائد: بلڈ یوریا، کریٹینن اور یورک ایسڈ کے اخراج کے لئے سریع الاثر دوا ہے۔
مجرب است

عطیہ نسخہ: محترم ڈاکٹر ایم ادبی صاحب
فرام قصور

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

مشت زنی، ذکاوت حس کے لئے

اجزاء واشیاء:	نمک ترپھلہ	100 گرام
	کشتہ چاندی	10 گرام
	کشتہ مروارید	10 گرام
	کشتہ مرجان	20 گرام

ترکیب تیاری: مکس کر کے یکجان کرلیں۔ شیشے کے ائیر ٹائٹ جار میں محفوظ کرلیں۔ اور مریض ذکاوت حس کے دینا شروع کردیں ساتھ روزانہ لانگ اپ کروائیں۔

مقدار خوراک: مریض کی عمر اور مرض کی نوعیت کے مطابق تجویز کریں۔

دوسری بات: نر بوہڑ کے پکے پھل توڑ کر خشک کرلیں۔ ہر ڑ سیاہ بریاں دونوں برابر سفوف کرلیں۔ بوہڑ کا دودھ اتنا ہو کہ ان کا آٹا بن جائے اور اس آٹے کی گولیاں بنالیں۔ یہ بھی دو دوقت دیں۔

پہلے میں پطرس بوٹی سے کام لیتا تھا۔ اب کشمیر نہیں جاسکتا اس لئے وہ چھوڑ دی۔

پرہیز: مریض کی خوراک میں کوئی بھی تیز چیز نہ ہو۔

عطیہ نسخہ: حکیم اسلام مغل صاحب

اسلام دواخانہ نارنگ منڈی 0300-4117450

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

نمکیات مرکب برین ٹانک کے فوائد

- ☆ دماغ کی قوتوں کا محافظ ہے۔ مقوی دماغ ہے۔ دماغ کو قوت و طاقت بخشتا ہے۔
- ☆ سر درد سے نجات دلاتا ہے۔
- ☆ مقوی بصر ہے۔ نظر کی کمزوری دور کرتا ہے۔
- ☆ چکر آنا، یادداشت کی کمزوری کے لئے بہترین دوا ہے۔
- ☆ حافظہ یادداشت کی کمزوری دور کرتا ہے۔
- ☆ طالب علموں دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہترین دماغی ٹانک ہے۔

اپنی کسی بھی مقوی دماغ تیار دوا میں آپ یہ سو گرام دوا میں دس گرام شامل کر کے اس کی افادیت کو کئی گنا بڑھا سکتے ہیں۔

آملہ انڈین، بھیڑہ، ہرڑ، اسطخدوس، کالی مرچ، سونف، چھلکا بادام، چھلکا اخروٹ، خشخاش کا مرکب نمک بنایا ہے۔

طالب دعا: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

مقوی قلب و مقوی معدہ

اجزاءواشیاء: نمک برگ امرود 10 گرام

نمک سونٹھ 10 گرام

رب سونٹھ 100 گرام

ترکیب تیاری: سونٹھ یعنی زنجبیل کارب تیار کریں۔جلنے نہ پائے اور جب رب گاڑھا ہو جائے تیاری پہ آجائے آخر میں دونوں نمکیات ملا کر اس کی چنے برابر گولیاں بنالیں۔

آپ کی دوا تیار ہے۔ائیر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام کھانے کے بعد

فوائد: مفرح و مقوی قلب ہے۔

قبض کشا ہے۔

مقوی معدہ ہے۔

عطیہ نسخہ: محترم بھائی حکیم طارق رحمان مغل صاحب۔لاہور

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

0302-2311487, 0305-4542113

سوزش معدہ و جگر و گردہ

اجزاء و اشیاء:	ست مکو	100 گرام
	نمک مکو	10 گرام

ترکیب تیاری: دونوں اجزاء کو ملا کر اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔
ائیر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کیپسول صبح و شام

فوائد: عرق مکو کے ساتھ ہر طرح کی اندرونی سوزش کو ختم کرتا ہے۔
معدہ کی سوزش، رحم و جگر، گردوں کی سوزش کے لئے مجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات
محترم حکیم طارق مغل صاحب۔ لاہور

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

اکسیر دھماسہ

بریسٹ کینسر، اٹھرا، جگر کا کینسر

اجزاء واشیاء: دھماسہ کارب (تازہ دھماسہ سے حاصل کیا ہوا) ایک کلو
نمک دھماسہ 100 گرام
دھماسہ سفوف ایک کلو

ترکیب تیاری: سب کو مکس کرکے 24 گھنٹے رگڑائی کریں اور چنے برابر گولیاں بنالیں یا کیپسول تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: مرض کے مطابق مریض کو دوا استعمال کروائیں۔

فوائد: بریسٹ کینسر، اٹھرا اور جگر کے کینسر پر تیز ترین کام کرے گا۔
مجرب ذاتی

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات
محترم حکیم طارق مغل صاحب
القراط دواخانہ لاہور 0307-5441895

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

اکسیر مقوی دماغ و مقوی بصر

اجزاء و اشیاء:

کچلی	2ماشہ
نمک ترپھلا	2تولہ
نمک چھلکا اخروٹ	1تولہ
نمک چھلکا بادام	1تولہ
سونف	15تولہ
دھنیا	10تولہ
الائچی خورد	2تولہ
مغز بادام	10تولہ
مغز اخروٹ	10تولہ
مغز پستہ	5تولہ
چہار مغز	5تولہ
کوزہ مصری	500 گرام

ترکیب تیاری: کچلی کو نمک ترپھلا میں رگڑائی کر لیں اور بعد میں نمک بادام و اخروٹ ڈال کر رگڑائی کر لیں بعد میں سب کو مکس کر لیں۔ بس دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو تولہ دوا کو ایک پاؤ دودھ میں ڈال کر کھیر بنا لیں۔
ٹھنڈی کر کے خالی پیٹ استعمال کریں۔
بچے اور بڑے سب استعمال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: شوگر کے مریض کوزہ مصری کے بغیر استعمال کریں اور
مقدار خوراک ایک تولہ کر لیں۔

فوائد: اکسیر مقوی دماغ ہے۔ دماغ فل طاقت ور ہو جاتا ہے۔
نظر کو فل طاقت دیتا ہے۔
مجرب ذاتی، ترکیب ذاتی

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات
محترم حکیم طارق مغل صاحب
القراط دواخانہ لاہور 0307-5441895

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

ہر قسم کی گلٹیوں کا خاتمہ

اجزاء و اشیاء: نمک اسگندھ 10 گرام
نمک سرس 10 گرام
تخم سرس 100 گرام

ترکیب تیاری: تخم سرس کا سفوف کر کے کپڑ چھان بعد میں نمکیات ملا کر اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔ ائیر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام کا کیپسول صبح و شام

فوائد: انشاءاللہ ہر طرح کی گلٹیاں ختم ہو جائیں گی۔
مجرب ذاتی

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات
محترم حکیم طارق مغل صاحب
القراط دواخانہ لاہور 0307-5441895

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

امراض معدہ

☆ مجرب از حکیم محمد کبیر الدین شیخ الجامعہ طبیہ دہلی، انڈیا۔

☆ خود بھی بنایا تو بہت مجرب پایا

اجزاءواشیاء:	نمک بھنگ	10 گرام
	نمک ناک چھکنی	10 گرام
	نمک مولی	10 گرام
	نمک پودینہ	10 گرام
	نمک برگ کٹائی	10 گرام

ترکیب تیاری: سارے نمکیات کو برابر وزن لے کر سب کے مجموعی وزن کے برابر عطر نانخواہ میں سب کو ایک پہر تک تر رکھیں۔

مقدار خوراک: صبح کو بعد غذا ایک سے چار رتی تک پانی سے کھائیں۔

ضروری نوٹ: اگر عطر نانخواہ نہ دستیاب ہو تو اس کا رب تیار کر کے وہ شامل کر لیں۔

فوائد: بھوک خوب لگاتا ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم طارق مغل صاحب۔

القراط دواخانہ لاہور۔0322-8040904

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

اکسیر دمہ کی گولیاں

اجزاءواشیاء:	نمک برگ بانسہ	10 گرام
	نمک مدار	10 گرام
	نمک سونٹھ	10 گرام
	نمک تمباکو	10 گرام
	نمک کپاس	10 گرام
	نمک پٹھکنڈا	10 گرام
	ہیر اہینگ (مدبر)	30 گرام
	رب ادرک	200 گرام

ترکیب تیاری: تمام نمکیات الگ الگ پوراوزن کرکے، ہیر اہینگ کا سفوف کرلیں۔ رب ادرک میں مکس کرکے چنے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام شہد پانی کے ساتھ دیں، کھانے کے بعد۔ ہمارے پاس تیار بھی ملتی ہیں۔

فوائد: دمہ کی اکسیر ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم طارق مغل صاحب۔

القراط دواخانہ لاہور۔0322-8040904

اکسیر سمبلو

اجزاءواشیاء: رب سمبلو (جو تازہ سمبلو کی جڑ سے تیار کیا گیا ہو) ایک کلو
سمبلو کی جڑ کا پوڈر ایک کلو
نمک سمبلو 100 گرام

ترکیب تیاری: نمک سمبلو کو رب سمبلو میں مکس کر لیں۔ پھر سمبلو کے پاؤڈر میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر اس کی 24 گھنٹے رگڑائی کر لیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

فوائد: مصفی خون تیز ترین ہے، جس کی وجہ سے مرض کینسر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

مجرب ذاتی و ترکیب ذاتی

طالب دعا: ماہر ہربل نمکیات
محترم حکیم طارق مغل صاحب۔
القراط دواخانہ لاہور۔ 0322-8040904

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان
0302-2311487, 0305-4542113

پتہ کی پتھری کا آسان علاج (سرخ مرچ سے پتہ کی پتھری کا تحلیل کرنا)

- سرخ مرچ مقوی معدہ ہے اور اس کی راکھ میں شنگرف کا سفید کشتہ تیار ہوتا ہے۔

مجرب ذاتی

نمک سرخ مرچ

- پتے کی پتھری کے لئے نمک سرخ مرچ مجرب ترین ہے۔

میرے سینے کا ایک خاص راز جو عوام الناس کے لئے شئیر کر رہا ہوں۔

پتے میں صفرا کی مقدار جو سخت ہو جاتی ہے جس کو عام زبان میں پتے کی پتھری کہتے ہیں

نمک سرخ مرچ سے تحلیل ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک ایک دانہ گندم برابر صبح و شام کھانے کے بعد شہد و پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

انشاءاللہ 15 دن کے اندر پتے کی پتھری تحلیل ہو جائے گی۔ مجرب ذاتی

نوٹ:

- عام لوگ سرخ مرچ کو جلا کر اس کی راکھ کو 500 ملی گرام کے کیپسول میں بھر کر شہد و پانی کے ساتھ استعمال کروا سکتے ہیں۔

طالب دعا: ماہر ہربل نمکیات محترم حکیم طارق مغل صاحب۔

بہترین اینٹی بائیوٹک

ہلدی مرکب

اجزاءواشیاء: ہلدی پسی ہوئی فریش 1 کلو

نمک ہلدی 100 گرام

ترکیب تیاری: دونوں اجزاء ملا کر خوب کھرل کریں کہ یکجان ہو جائیں۔ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔ آپ کی دوا تیار ہے۔

طریقہ استعمال: ایک قابل طبیب اپنی سمجھ کے مطابق اس کو بہت سے امراض میں استعمال کرواسکتا ہے۔ اس کے علاوہ روزانہ جو سالن سبزی جو بھی گھر میں بناتے ہیں ہم اس میں اس کو استعمال کریں۔ اعلیٰ درجہ کا اینٹی بائیوٹک ہے۔

مقدار خوراک: ایک کلو سبزی سالن میں یہ ہلدی مرکب 2 گرام کی مقدار میں شامل کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

فوائد: طب یونانی کا شاہکار ہے۔ اس کا روزانہ استعمال الحمدللہ بہت سے جسمانی امراض کو قریب بھی نہیں آنے دیتی۔ مجرب المجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: محترم بھائی حکیم طارق رحمان مغل صاحب۔ لاہور

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

ٹیومر، کینسر، ایزوسپرمیا

کشتہ سنکھ

مجرب ذاتی، ترکیب ذاتی

ترکیب تیاری

ایک پاؤ سنکھ کو ایک کلو آب آکسن کے پانی سے پسائی کریں اور آدھا کلو ادرک کا نغدہ بنا کر ایک من کی آگ دے دیں۔ پھر اس سنکھ کو ایک کلو آب ادرک سے پسائی کریں اور آدھا کلو تازہ آکسن کے نغدہ بنا کر گل حکمت کر کے ایک من کی آگ دے دیں۔ تیسری آگ بنا، کسی نغدہ کے ایک من کی آگ دے۔ آپ کا کشتہ تیار ہے

اب اس میں سو گرام کشتہ لے کر دس گرام نمک آکسن اور نمک سونٹھ شامل کر کے پسائی کر لیں۔

مقدار خوراک سو ملی گرام گن میں ایک بار شہد پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد و خواص

ٹیومر کے لئے اور کینسر کے لئے، ایزوسپرمیا کے لئے جس میں سپرم کی نالی بند ہو۔

یہ کشتہ بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

عطیہ نسخہ : ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب۔

القراط دواخانہ لاہور 0307-5441895

جوہر حیات

جوہر حیات۔ رنگ شنگرفی

مجرب ذاتی، ترکیب ذاتی

ایک کلو ہلدی، دو کلو چونا،

تین طریقوں سے بناتا ہوں۔

ترکیب نمبر 3

ترکیب تیاری: بالٹی میں ایک کلو چونا رکھیں پھر ہلدی کلو رکھ دیں پھر اس کے اوپر چونا ڈال دیں۔ اس میں اونٹنی کا دودھ 4 کلو ڈال دیں، خشک ہونے لگے تو اور ڈال دیں، دو ماہ کے بعد اس کو نکال کر خشک کر لیں، ایک کلو ہلدی میں سو گرام نمک ہلدی شامل کر کے 72 گھنٹے رگڑائی کریں۔

شنگرفی رنگ میں تیار ہو گا۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام

فوائد و خواص: مقوی جگر و معدہ، کینسر، ہر طرح کی سوزش، مصفی خون، یورک ایسڈ، کالا پیلا یرقان، امراض گردہ، اس کے علاوہ بھی بے شمار فوائد ہیں۔

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب۔ لاہور

جوہر حیات

جوہر حیات۔ رنگ شنگرفی

مجرب ذاتی، ترکیب ذاتی

ایک کلو ہلدی، دو کلو چونا،

تین طریقوں سے بناتا ہوں۔

ترکیب نمبر 2

ترکیب تیاری: بالٹی میں ایک کلو چونا رکھیں پھر ہلدی کلو رکھ دیں پھر اس کے اوپر چونا ڈال دیں۔ اس میں آب مولی 4 کلو ڈال دیں، خشک ہونے لگے تو اور ڈال دیں، دو ماہ کے بعد اس کو نکال کر خشک کر لیں، ایک کلو ہلدی میں سو گرام نمک ہلدی شامل کر کے 48 گھنٹے رگڑائی کریں۔ شنگرفی رنگ میں تیار ہو گا۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام تک

فوائد و خواص: مقوی جگر و معدہ، ہر طرح کی سوزش، مصفی خون، یورک ایسڈ، کالا پیلا یرقان اور اس کے علاوہ بھی بے شمار فوائد ہیں۔

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب۔ لاہور

کشتہ قلعی

ترکیب تیاری

20 گرام قلعی کو مصفی کر لیں، پھر اس کے جو کے برابر ٹکڑے کر لیں۔ 100 گرام نمک مدار لیں، توے پر 50 گرام نمک مدار رکھیں پھر قلعی کے ٹکڑے رکھیں، پھر اوپر باقی نمک مدار ڈال دیں۔ اب اس نمک کو شیر مدار سے تر کر دیں اور ہلکی آنچ پر نمک مدار خشک ہونے دیں۔ اس طرح 100 گرام شیر مدار جذب کرا دیں۔ پھر آگ تین گھنٹے تیر کر دیں۔
ٹھنڈا ہونے پر کشتہ قلعی تیار ہو گا۔ جو کشتہ چاندی کے برابر کام کرے گا۔

فوائد و خواص

مقوی اعصاب، مقوی باہ، سرعت انزال پر بھی مجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب۔ لاہور

0307-5441895

www.tabeebpedia.com

ہرنیا کا مجرب ترین علاج

ہرنیا کا آسان مگر بہترین علاج

کانے کی جڑ کا نمک

ایک رتی صبح و شام

الائچی سبز، زیرہ سفید، پودینہ کے قہوہ کے ساتھ دیں۔

عطیہ نسخہ: ماہر ہربل نمکیات حکیم طارق مغل صاحب۔لاہور

0307-5441895

اکسیر برائے امساک، جریان، نزلہ حار، کیرہ دائمی حار، لیکوریا بدبو دار سادہ، کثرت طمث

کشتہ گئو دنتی

ترکیب تیاری: ایک پاؤ گئودنتی لیں۔ اس کو ایک کلو برگ قنب میں بند کر کے 20 سیر اوپلوں کی آگ دیں جو کچھ بر آمد ہو اس کو کھرل کر لیں۔ اور ڈبل وزن آب برگ قنب سے کھرل کر کے 5 کلو کی آگ دیں۔ اس طرح کے 5 عمل کریں۔

گئودنتی تیار ہے۔ جو اس نسخہ میں استعمال ہو گی۔

نسخہ کی تیاری

اجزاء واشیاء:	گئودنتی	10 تولہ
	نمک گل سرخ	1 تولہ
	نمک دھنیا خشک	1 تولہ
	نمک خولنجان	2 تولہ

ترکیب تیاری: کھرل کر کے محفوظ الہوا کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے دو رتی تک استعمال کروائیں۔

فوائد: مندرجہ بالا تمام امراض کا شافی علاج ہے۔

صاحب نسخہ: محترم حکیم مصعب علی بھائی۔ لاہور

اکسیر بواسیر

گولیاں تیار کرنے کا طریقہ

اجزاءواشیاء:	کشتہ گئودنتی درگندی بوٹی	ایک پاؤ
	گندھک مصفی درآب بکن	آدھا پاؤ
	کھار مدار	15 گرام
	پوست ریٹھا	50 گرام
	ریوند خطائی	50 گرام
	ہلدی دیسی	50 گرام
	مغز نمولی نیم	30 گرام
	تخم تارامیرا	30 گرام
	ریوند عصارہ	30 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویہ مکس کر کے چنے برابر گولیاں باندھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

ان گولیوں کے ساتھ مندرجہ ذیل مرہم بھی استعمال کریں۔

مرہم کی تیاری

اجزاء و اشیاء:	کھار گندی بوٹی	50 گرام
	کھار اوپلہ	50 گرام
	ویزلین	ایک پاؤ

ترکیب تیاری: ویزلین ایک پاؤ میں کھاریں اچھی طرح حل کریں۔ اور محفوظ کر لیں۔
مرہم تیار ہے۔

طریقہ استعمال: صبح شام مسوں پر لگائیں۔
چند دن میں مسے سوکھ جائیں گے۔ انشاء اللہ خیر والا معاملہ ہو گا۔

فوائد: مرہم اور گولیوں کا استعمال مندرجہ ذیل تمام امراض کا شافی علاج ہے۔
مقعد کے مقام پر جلن درد بوجھ خارش مسوں کا نکلنا
سرخ یا سیاہ خون آنا مقعد پر سوزش آنا اینل فشر
ان سب کے لئے اکسیر ہے۔

صاحب نسخہ: بھائی حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

تریاق قلب

برائے ٹرائی گلیسرائیڈ، کولیسٹرول، یورک ایسڈ، بلاکیج

ایک مجرب المجرب اکسیری صفات کا حامل نسخہ حاضر خدمت ہے۔ جو دور حاضر کی ناقص غذاؤں کی وجہ سے ہونے والے امراض مثلاً کولیسٹرول لیول کا بڑھ جانا، ٹرائی گلیسرائیڈ کا بڑھ جانا، یورک ایسڈ، دل کے وال بند ہو جانا وغیرا انہی وجہ سے دل کے مراض، جگر کے امراض، فیٹی لیور، بلڈ پریشر کے مسائل اور کئی ان گنت امراض سامنے آتے ہیں۔

یہ نسخہ خاص ان امراض کے لئے انتہائی کارگر ثابت ہو گا۔ دل کے وال بند ہوں اور ڈاکٹر بائی پاس کا لکھ دے تو ایک ماہ میں وال کھل جائیں گے۔ انشاء اللہ

اجزاء واشیاء:	سنڈھ	100 گرام
	دار ہلد	100 گرام
	قسط شیریں	100 گرام
	گوگل مصفی	150 گرام
	روغن نوشادر	15 گرام
	نمک ارجن	15 گرام
	آب لہسن	حسب ضرورت

ترکیب تیاری:	تمام ادویات ملا کر آب لہسن سے گولی بقدر نخود بنالیں۔
طریقہ استعمال:	ایک ایک گولی صبح وشام
	عرق گلاب عرق سونف مکوہ اجوائن
	عرق خود کشید کریں تو اکٹھے نکال لیں۔
	دوسری صورت میں الگ الگ حاصل کریں۔
	آدھا کپ عرق آدھا کپ پانی ملا کر دوا استعمال کریں۔
فوائد:	مندرجہ بالا تمام امراض کی اکسیر ہے۔
	مضر اثرات سے مبرا ہے۔
	اور انتہائی تیزی کے ساتھ مریض کو صحت یاب کرتی ہے۔
	مریض بائی پاس سے بچ جاتا ہے۔
	ڈاکٹر نے اگر بائی پاس کا بولا ہو تو ایک ماہ یہ استعمال کروائیں
	بائی پاس کی ضرورت نہیں رہے گی۔
عطیہ نسخہ:	محترم حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور
دعا گو:	حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

پتہ کی پتھری

اجزاءواشیاء:	نمک کچری	100 گرام
	سوڈا بائیکارب	100 گرام
	ورقیہ	20 گرام

ترکیب تیاری: سوڈا اور نمک مکس کر کے اس میں چھ گھنٹے ورقیہ پکائیں۔
جو کچھ نکلے۔ دو سے تین گھنٹے کھرل کر لیں۔
اب اس سب میں ایک پاؤ سنڈھ کپڑ چھان شدہ ڈال کر مکس کر دیں۔
اس کے دو رتی سے چار رتی تک کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح اور ایک کیپسول شام

روغن نوشار اکسیری۔ تین سے پانچ قطرے
عرق پودینہ، عرق اجوائن، عرق مکوہ۔ میں ملا کر دیں۔
چند دن میں خیر ہو گی۔

فوائد: پتہ کی پتھری کے لئے مجرب ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور

حب ممسک دائمی

سرعت انزال بنیادی طور پر سوزشی مرض ہے جو جنسی اعضاء کی سوزش اور اعضائے رئیسہ کی کمزوری سے ہوتا ہے۔اس میں خراشداراادویات فائدہ نہیں کرتی ہیں اس کے لئے ہم نے بے شمار تجربات کے ساتھ ایک بہترین مرکب تیار کیا ہے۔

اجزاءواشیاء:	ست کیکر	100 گرام
	ست پیپل	100 گرام
	ست بوہڑ	100 گرام
	ست گوکھرو	100 گرام
	ست اسگندھ	50 گرام
	ست بہوپھلی	50 گرام
	ست بلی لوٹن	50 گرام
	ست جڑپان	25 گرام
	ست فہم الحیات	25 گرام
	جواہر مہرہ	12 گرام
	کشتہ نقرہ الماسی	3 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویات اچھی طرح ملا کر عرق گلاب ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں۔

جب تمام ست اور جواہر مہرہ مکس ہو جائے تو تیز دھوپ میں خشک کر لیں۔

اب چنے برابر گولیاں بنالیں یا500 ملی گرام کا کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح اور ایک کیپسول شام نیم گرم دودھ کے ساتھ۔

فوائد: دل ودماغ کی کمزوری جنسی اعضاء کی سوزش کے لئے انتہائی لاثانی مرکب تیار ہے۔ دائمی امساک پیدا کرتا ہے۔

صاحب نسخہ: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور

ست کنگھی بوٹی کے فوائد

- ☆ صفراوی شوگر کو درست کرتی ہے۔
- ☆ انتڑیوں کو سوزش کے لئے بہترین ہے۔
- ☆ قد بڑھانے کے لئے بہترین معاون دوا ہے۔
- ☆ قدرتی رکاوٹ بھی بناتی ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور

پتھری گردہ مثانہ، یورک ایسڈ

اجزاءواشیاء:	کشتہ سنگ یہود	100 گرام
	کشتہ سنگ سرماہی	50 گرام
	نمک بھکڑہ	50 گرام
	نمک مولی	50 گرام
	ست جڑ کانا	25 گرام
	مرچ سیاہ	25 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو اچھی طرح کھرل کر کے مکس کر لیں کہ یکجان ہو جائیں۔

طریقہ استعمال: ایک گرام تک صبح شام ہمراہ سادہ پانی۔
درد کی صورت میں سیون اپ بوتل سے دیں۔

فوائد: پتھری گردہ مثانہ اور یورک ایسڈ کے لئے بہترین علاج ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور

اکسیر امساک

اجزاء و اشیاء:	کشتہ مرجان	2تولہ
	کشتہ چاندی	2تولہ
	کشتہ زہر مہرہ	2تولہ
	کشتہ سہہ دھاتہ	2تولہ
	کشتہ مرواريد	2تولہ
	ست پیپل	10تولہ
	ست کیکر	10تولہ
	ست برگد	10تولہ
	ست جڑپان	5تولہ
	ست بہو پھلی	5تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو اچھی طرح کھرل کرکے مکس کرلیں کہ یکجان ہو جائیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: امساک طبعی پیدا کرتا ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔لاہور

ذکاوت حس، جریان

اجزاء واشیاء:	ست کیکر	10 تولہ
	ست برگد	10 تولہ
	ست پیپل	10 تولہ
	ست کچلہ	3 گرام
	کشتہ سہہ دھاتہ	5 تولہ
	کشتہ چاندی	2 تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو اچھی طرح کھرل کر کے مکس کر لیں کہ یکجان ہو جائیں۔
دورتی کا کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: دورتی کا کیپسول صبح شام ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: ذکاوت حس قطرے جریان مذی حقیقی کے لئے بہترین اعلیٰ درجہ کی دواہے۔

طالب دعا: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔لاہور

رب افتیمون بنانے کا طریقہ اور فوائد

ترکیب تیاری

ایک کلو افتیمون لے کر اسے 4 سے 5 لیٹر پانی میں پوٹلی بنا کر ڈالیں اور تین دن تک بھگو کر رکھیں۔ تین دن بعد اس پانی کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔ یہاں تک کہ پانی تین حصے کم ہو جائے۔ اس کے بعد پوٹلی کو نکال کر اچھی طرح نچوڑ لیں تاکہ اس میں موجود تمام اجزاء پانی میں شامل ہو جائیں۔

اب اس حاصل شدہ پانی کو دوبارہ چولہے پر رکھ کر پکائیں۔ یہاں تک کہ یہ شہد کی طرح گاڑھا ہو جائے۔ پھر کسی کڑاہی میں ریت ڈال کر اس رب کو مزید پکائیں اور مسلسل چمچ یا کھرچی سے ہلاتے رہیں تاکہ جلنے سے محفوظ رہے۔ آگ بہت ہلکی رکھیں کیونکہ زیادہ تیز آگ سے افتیمون کے لطیف اجزاء ضائع ہو سکتے ہیں۔

ایک اور طریقہ یہ ہے کہ کسی برتن میں پانی ڈال کر اس کے اوپر رب والی کڑاہی رکھ دی جائے۔ پھر پانی والے برتن والے کنارے کو گیلے کپڑے یا آٹے سے بند کر دیا جائے تاکہ بخارات رب میں جذب ہوں۔

دونوں طریقوں سے بہترین رب تیار ہو سکتا ہے۔ جو بھی طریقہ آسان لگے وہ اپنایا جا سکتا ہے۔

جب رب مکمل طور پر تیار ہو جائے تو اسے چولہے سے اتار کر کسی چکنے برتن یا ٹرے پر ڈال دیں۔ برتن کو پہلے دیسی گھی سے ہلکا تر کر لیں تاکہ رب چپکے نہیں۔ پھر اسے کسی ایسی جگہ رکھیں جہاں دھوپ لگے۔ اور اسے گرد و غبار سے بچانے کے لئے شیشہ یا کپڑا ڈھانپ دیں۔

مقدار خوراک

2 سے 4 رتی صبح و شام پانی یا کسی مناسب بدرقہ (معاون دوا) کے ساتھ استعمال کریں۔
حکماء مقدار خوراک کو مرض اور مریض کی حالت کے مطابق کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔

فوائد

سوداوی امراض سے پیدا شدہ نقائص کو دور کرتا ہے اور سودا کے ازالے کے لئے اکسیر ہے
اعصابی خشکی، جنون، پاگل پن، مرگی اور چڑچڑاپن میں مفید ہے۔
سوداوی اور بلغمی مواد کے اخراج میں مدد دیتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے۔
جسم کے مختلف ورم خصوصاً طحال کے لئے بہترین دوا ہے۔
یرقان کے علاج میں بھی مؤثر ہے اور سوداوی ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔
یہ ایک نہایت عمدہ اور مجرب دوا ہے جو کئی پیچیدہ امراض کے لئے شفا بخش ثابت ہو سکتی ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور

اوجائی

برائے مخصوص مستند حکمائے کاملین

اجزاء واشیاء:

ہینگ عمدہ	60 گرام
آنبہ ہلدی	60 گرام
سورنجاں شیریں	60 گرام
مقل یعنی گوگل	60 گرام
اذراقی مدبر گھیکوار ادرک دیسی گھی والا	40 گرام
سورنجاں تلخ	40 گرام
میٹھا تیلیہ مدبر	40 گرام
کالی زیری	40 گرام
سہاگہ خام	30 گرام
نمک اسگندھ	30 گرام
نمک اندرائن تمہ	30 گرام
نمک مدار	30 گرام
سوڈیم بائیکاربونیٹ	30 گرام
شیر مدار	35 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا باریک سفوف بنالیں۔

میٹھا تیلیہ اور سورنجان تلخ کو عرق گلاب کی مدد سے اس قدر کھرل کریں کہ مثل جھاگ بن جائیں۔

سپرٹ میتھلیٹڈ میں گوگل اور ہینگ کو حل کریں۔

جب حل ہو جائیں تو نمکیات بھی اس میں ڈال کر حل کریں۔

آخر میں شیر مدار اس میں ڈال کر اس تمام کو سفوف شدہ ادویہ میں ڈال کر خوب گھوٹ کر ایک جان کرلیں۔

جب حبوبی قوام پر آجائے تو نخودی حبوب یعنی چنے برابر گولیاں تیار کریں۔

صاحب نسخہ بقلم طالب دعا: محترم حکیم سید ادریس شاہ گیلانی صاحب

نمک لہسن

برائے ہارٹ اٹیک، بلاکیج بلڈ، بلڈ کلاٹس، دل کے تمام امراض کے لئے

اکسیر الاکسیر ہے اور بارہا کا مجرب المجرب ہے۔

صاحب نسخہ استاد محترم حکیم محمد ارشد صاحب گوجرانوالہ

نسخہ بنام استاد محترم حکیم عبد العزیز صاحب ٹنڈو آدم، استاد محترم حکیم ابرار دہلوی، استاد محترم حکیم مبشر حسن، استاد محترم حکیم سید شعیب جیلانی، استاد محترم حکیم نارائن داس جی، استاد محترم حکیم عزیز الحسن صاحب، استاد محترم حکیم شاکر غلام رسول، استاد محترم مہر راشد سیال و دیگر۔

ترکیب تیاری

دیسی لہسن 5 کلو لے کر اس کو کوٹ کر سٹیل کی کڑاہی میں ڈال کر اوپر سے کسی دوسرے برتن سے ڈھانپ کر نیچے فل تیز آنچ جلا کر لہسن کو مکمل جلا کر راکھ کر لیں پھر اس راکھ کو 5 کلو پانی میں ڈال کر سٹیل کی کڑاہی میں ابالیں جب 3 کلو پانی جل جائے تو آگ بند کر کے تمام مواد کو پلاسٹک کے چھوٹے ٹب میں ڈال کر تین دن تک ہر 5 گھنٹے بعد لکڑی کے ڈنڈے سے ہلاتے رہیں۔ 3 دن کے بعد روئی کی بتی لگا کر مقطر لیں اور اس مقطر شدہ پانی کو سٹیل کی کڑاہی میں سکھا کر معروف طریقے سے نمک حاصل کریں۔

یہ ہمارا دیسی لہسن کا نمک تیار ہو گیا ہے۔ دوستو! اکسیر قلب تیار ہے۔

طریقہ استعمال

دل کے مریضوں کو آدھی تری سے ایک رتی تک نیم گرم پانی کے ساتھ صبح شام کھانا کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد صرف 10 دن لگاتار دیجئے اور طب اور طبیب کا نام روشن کیجئے۔

میرے اساتذہ کرام کے حق میں دعائے خیر کر دیجئے گا۔

طالب دعا طالب علم

حکیم سید علی رضا شاہ تبریزی چشتی نظامی۔ گوجرانوالہ

حب ممسک دائمی

اجزاء واشیاء:	کشتہ قلعی	5 تولہ
	کشتہ مرجان	5 تولہ
	رب ببول	5 تولہ
	سلاجیت	5 تولہ
	رب برگد	30 تولہ
	مغز املی کلاں	10 تولہ
	اذراقی مدبر	50 تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو اچھی طرح سے مکس کر لیں۔
حب بقدر نخود باندھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام
صفراوی مریض ہمراہ دودھ جس میں چھلکا ڈالا گیا ہو
سوداوی ہمراہ دودھ جو شہد سے میٹھا کیا گیا ہو۔
بلغمی ہمراہ آب سادہ

فوائد: جریان کو ختم کرتا ہے۔

سرعت انزال کا مستقل علاج ہے۔

ذکاوت حس کو ختم کرتا ہے۔

سیمن میں گاڑھا پن پیدا کرتا ہے۔

شہوت ٹوٹ جانا بوجہ جریان کو بے انتہا نافع ہے۔

ممسک ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی مقوی بھی ہے۔

صاحب نسخہ: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔لاہور

www.tabeebpedia.com

نمکیات کی ضرورت و اہمیت

نمکیات کی ضرورت اور ذریعہ نمکیات

پیارے دوستو

جسم کو قدرتی نمکیات Minerals کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔ اور ہم یہ نمکیات درختوں، سبزیوں، مفردات (جڑی بوٹیوں) اور پھلوں سے بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔

آئیں آج میں آپ کو بتاتا ہوں قدرتی نمکیات ہم کہاں کہاں سے اور کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔

میرا نام حکیم طارق جاوید ماہر نباتات اور نمکیات المعروف طارق پتال جنتر مشین والے

☆ ہڈیاں مضبوط کرنے کے لئے کیلشیم ہوتا ہے جو ہمیں ملے گا تلسی، بادام، دودھ اور ہری سبزیوں سے

☆ پٹھے اور اعصاب مضبوط کرنے کے لئے ہمیں درکار ہے میگنیشیم جو ہم پالک، کیلا، انجیر اور گندم سے لے سکتے ہیں۔

☆ بلڈ پریشر، دل کی کارکردگی کو پوٹاشیم مضبوط کرتا ہے جو ہمیں ملتا ہے باریل کے پانی سے، کیلے، کھجور اور آلو سے۔

☆ خون کی کمی کو دور کرتا اور جگر، دل، اعصاب کو مضبوط کرتا ہے آئرن جو ہم چقندر، سیب، میتھی، کشمش سے حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ مدافعتی نظام کے لئے زنک بہت نادر ہے جو ہمیں کدو کے بیج، السی اور چنوں سے ملے گا۔

☆ ہڈیوں کے لئے فاسفورس ہوتا ہے جس کا قدرتی ذریعہ ہے دودھ، مچھلی، انڈا اور دالیں۔

☆ تھائرائیڈ کے لئے ہمیں چاہیے آئیوڈین جس کا ذریعہ ہے سمندری سبزیاں۔

اور ہم قدرتی نمکیات درختوں کی چھال، پھلوں، سبزیوں اور جڑی بوٹیوں سے حاصل کر سکتے ہیں جو نہ صرف خوراک ہیں بلکہ قدرتی علاج کا خزانہ بھی ہیں تو آئیں میں آپ کو ایک مجرب طریقہ بتاہوں جس سے

قدرتی نمکیات کی کمی صرف 1 نسخہ سے طاقت بحال

خشک میوہ جات انجیر، کشمش، بادام

سبزیاں پالک، میتھی

ایک متحرک اور توانائی سے بھرپور ہیں۔

کیا آپ ہر وقت تھکے رہتے ہیں؟

جسمانی طاقت کم ہو گئی ہے؟

یہ نمکیات کی کمی ہو سکتی ہے۔

آج میں آپ کو بتاؤں گا ایک ایسا قدرتی نسخہ جو جسم کو دوبارہ طاقتور، چمکدار اور متحرک بنائے گا۔

نمکیات کی اہمیت

ہمارے جسم کو کیلشیم، آئرن، پوٹاشیم، زنک جیسے نمکیات کی روزانہ ضرورت ہوتی ہے، جو ہم سبزیات، پھلوں اور مفردات سے حاصل کر سکتے ہیں۔

مجرب نسخہ یہ ہے۔

اجزاءواشیاء: انجیر 1 چمچ
کشمش 5 عدد
بادام 5 عدد
السی 1 چمچ
تلسی کے پتے 5 عدد

طریقہ استعمال: انہیں رات بھر پانی میں بھگو دیں اور صبح نہار منہ کھالیں یا سردائی بنا کر پی لیں۔

فوائد: اس نسخے سے خون بڑھے گا۔ دماغی تھکن دور ہو گی۔ جسمانی طاقت بحال ہو گی اور ہڈیوں میں مضبوطی آئے گی۔

دعاؤں کا خواستگار: محترم حکیم طارق جاوید صاحب
المعروف طارق پتال جنتر مشین والے فیصل آباد
0302-4133533

ڈائیلاسز یا ڈیلسس کیا ہے؟

یہ ایک طبی علاج ہے جو ان لوگوں کے خون سے اضافی فضلہ، نمک اور پانی کو نکالنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جن کے گردے ٹھیک سے کام نہیں کر رہے ہوتے۔ یہ خون میں بعض کیمیکلز جیسے پوٹاشیم، سوڈیم اور بائی کاربونیٹ کی محفوظ سطح کو برقرار رکھنے اور بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھنے میں بھی مدد کرتا ہے آج میں دوستوں کو ایک بہت ہی مجرب نسخہ پیش کرتا ہوں جس سے بہت سے مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ نسخہ کچھ اس طرح ہے کہ

نمک جوانسہ 1 رتی

ترنجبین 5 گرام

یہ ایک خوراک ہے۔

مریض کو یہ ایک خوراک صبح ایک شام کلونجی اور گوکھرو کے قہوہ سے استعمال کروائیں اور قدرت کا کمال دیکھیں۔

یہ میرا کئی مریضوں پر مجرب ہے۔ راز دل افشاں کیا ہے۔ بنائیں اور انسانیت کا بھلا کریں۔

دعاؤں کا طالب: محترم حکیم طارق جاوید صاحب

المعروف طارق پتال جنتر مشین والے فیصل آباد

0302-4133533

نسیان کا مجرب علاج

دماغی ٹانک طارقی

اجزاء و اشیاء:

شاخ مرجان	10 گرام
کشتہ چاندی	10 گرام
نمک برہمی بوٹی	10 گرام
فلفل سیاہ باریک	20 گرام
نمک ترپھلا	20 گرام
نمک کنگی بوٹی	20 گرام
اسطخدوس	50 گرام
مغز بادام	50 گرام
مغز اخروٹ	50 گرام
روغن کدو	20 گرام
روغن خشخاش	20 گرام
کسٹر آئل	20 گرام

ترکیب تیاری: رگڑائی کرنے والی چیزوں کو رگڑائی کر لیں اور کشتہ جات و نمکیات ملا کر شہد خالص 750 گرام ڈال کر معجون بنالیں تو دماغی ٹانک طارقی تیار ہے۔

مقدار خوراک: خوراک اس کی بچوں کے لئے 1 ہ گرام اور بڑوں کے لئے 20 گرام ہے۔ اس کے اوپر سے نیم گرم دودھ ضروری ہے۔

فوائد: جلدی عینک کا لگ جانا، باتوں کو بھول جانا، لفظوں کا دو دو نظر آنا، سر چکرانا یا سر میں درد رہنا کے لئے مجرب ہے۔
شرط یہ ہے کہ کشتہ جات اور نمکیات اصلی ہوں۔

لوگ پوچھتے ہیں کہ یہ طارقی کیوں لکھتے ہو تو پیارے بھائیوں جس کے ساتھ طارقی لکھا ہو گا وہ میرا ذاتی نسخہ اور مجرب المجرب ہوتا ہے۔

دعاؤں کا طالب: محترم حکیم طارق جاوید صاحب
المعروف طارق پتال جنتر مشین والے فیصل آباد
0302-4133533

نمک گندم پر میرا تجربہ

جناب میں گندم کے نمک کے بارے میں اپنا تجربہ بتانا چاہتا ہوں۔

گندم کے نمک کے بارے میں میرا تجربہ یہ ہے کہ

میں نے ایک مریض کو گندم کا نمک ایک دورتی کھلایا اور برسوں سے پھر اس کو بخار نہیں ہوا۔

اگر گرمی کا موسم ہو تو آپ کسی عرق سے دیں اور اگر سردی کا موسم ہو تو آپ کافی کے ساتھ بھی دے سکتے ہیں۔

دوستو! گندم کا یہ نمک میں نے خود تیار کیا تھا جس طرح معظم علی صاحب نمکیات تیار کرتے ہیں۔

جب بھی گندم کا موسم آتا ہے میں صرف اپنی ضرورت کے مطابق نمک تیار کر کے رکھ لیتا ہوں۔

اگر مریض کے بلڈ پریشر کا ملاحظہ کر کے کوئی قابل حکیم استعمال کروائے تو بہت فائدہ مند ہے۔

میرا اس پر اکثر تجربہ ہے۔

دعاؤں کا طالب: محترم حکیم الٰہی بخش صاحب

صادق آباد 0301-3945216

نمک حرمل

ذاتی مجرب از محترم حکیم سید رضوان شاہ گیلانی صاحب

نمک حرمل رکے ہوئے حیض کو فوراً جاری کرتا ہے۔

مقدار خوراک ایک سے دو چاول

مریضہ کی موجودہ کیفیت کے مطابق معالج مقدار خوراک کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔

دعاؤں کا طالب: محترم جناب ڈاکٹر و حکیم سید رضوان شاہ گیلانی صاحب

0312-5338952

تصدیق: میرا تجربہ شدہ ہے۔

میں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔

حکیم غلام عباس۔لاہور پاکستان

0315-0071009

پتھری گردہ و مثانہ

اجزاء و اشیاء:

نمک خربوزہ	50 گرام
نمک بکھڑا	50 گرام
نوشادر	50 گرام
قلمی شورہ	50 گرام
جو کھار	50 گرام
کشتہ سنگ یہود	50 گرام
کشتہ سنگ سرماہی	50 گرام
زاج ابیض بریاں	50 گرام

ترکیب تیاری: تمام کا الگ الگ سفوف کر کے دوبارہ وزن پورا کر کے اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے تو تیار ہے۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام سے ایک گرام تک عمر وزن مریض کی موجودہ کیفیت کے مطابق دیں۔ گوکھرو کلتھی کے قہوہ سے یا کچی لسی یا ہمراہ آب تازہ دیں۔

معمول مطب ذاتی تجربہ

عطیہ از: محترم حکیم سید زاہد حفیظ شاہ صاحب

لاہور۔ پاکستان 0300-4930367

جریان منی، جریان مذی، جریان ودی، جریان چربی گردہ

حکیم غلام عباس صاحب۔ لاہور پاکستان

نسخہ کے اجزاء: اسگندھ ناگوری 30 گرام
ستاور 30 گرام
موچرس 20 گرام
دانہ الائچی خورد 20 گرام
کشتہ قلعی بھنگ والا 10 گرام
نمک برگد 10 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا سفوف تیار کریں، آخر میں کشتہ قلعی اور نمک برگد شامل کریں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ

فوائد: جریان منی، جریان مذی، جریان ودی، جریان چربی گردہ (جریان کی تمام اقسام) کے لئے مفید و موثر ہے۔ اس نسخہ کو میں نے شوگر کے مریضوں کو استعمال کروایا جس سے نہ صرف شوگر کے مریضوں کے جریان اور سرعت انزال کا خاتمہ ہوا بلکہ ان کے ہاتھ پاؤں کا سن ہونا اور جسمانی دردوں میں بھی بہترین مفید اور کارگر ثابت ہوا۔ اور شوگر بھی کنٹرول ہوئی۔

عطیہ نسخہ: حکیم غلام عباس۔ لاہور پاکستان 0315-0071009

نمک مدار

نمک مدار کھانسی کے لئے بہترین ہے۔

بلغم کو پتلا کرتا ہے۔

مخرج بلغم ہے۔ بلغم کو پتلا کر کے خارج کرتا ہے۔

نمک مدار جس مریض کو پیلے رنگ کی بلغم آئے اس کو استعمال کرواتے ہیں۔ ان کو زیادہ فائدہ دیتا ہے۔

سفید بلغم والوں کو اک مدار کا نمک نہیں دینا چاہیے۔ اس سے بلغم بڑھتی ہے۔

نمک پٹھکنڈا

نمک پٹھکنڈا بھی شہد میں ملا کر کھانسی کے مریضوں کو دیتے ہیں۔ بہترین رزلٹ دیتا ہے۔

نمک پٹھکنڈا ہم گاڑھی بلغم والے جن کو عضلاتی بولتے ہیں ان کو دیتے ہیں۔

ذاتی تجربات عطیہ از

طالب دعا: محترم حکیم سید زاہد حفیظ شاہ صاحب۔ لاہور پاکستان

0300-4930367

فیٹی لیور کولیسٹرول

اجزاء واشیاء:	نمک اٹ سٹ	20 گرام
	نمک باتھو	20 گرام
	نمک اونٹ کٹارا	20 گرام

ترکیب تیاری: تینوں نمکیات کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائیں۔
یکجان ہو جائے تو تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی کی مقدار
عرق مکوہ عرق اجوائن میں ملا کر استعمال کروائیں۔
معالج مقدار خوراک کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔

فوائد: فیٹی لیور کولیسٹرول کے لئے بہترین رزلٹ ملا۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم کلیم اللہ کھوکھر صاحب
صوئے آصل۔لاہور 0300-4294718

پراسٹیٹ پر نمک پٹھکنڈا کے اثرات

پراسٹیٹ کے مریضوں کو اکیلا نمک پٹھکنڈا استعمال کروایا۔بہترین رزلٹ ملا۔

مجرب از: محترم حکیم کلیم اللہ کھوکھر صاحب۔صوئے آصل لاہور

پراسٹیٹ

پراسٹیٹ کے ماجزاء و اشیاء:	کشتہ حجر الیہود	50 گرام
	کشتہ سنکھ	50 گرام
	نمک کچری	50 گرام
	نمک مولی	50 گرام
	سنگ سرماہی	50 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔
ائیر ٹائٹ جار شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام

طریقہ استعمال: صبح شام مناسب بدرقہ سے استعمال کروائیں۔

فوائد: گردے کی پتھری میں مریضوں پر استعمال کروایا گیا۔
بہترین رزلٹس ملے ہیں۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم کلیم اللہ کھوکھر صاحب
صوئے آصل۔ لاہور 0300-4294718

پتھری گردہ

اجزاءواشیاء:	کشتہ حجر الیہود	50 گرام
	کشتہ سنکھ	50 گرام
	نمک کچری	50 گرام
	نمک مولی	50 گرام
	سنگ سرماہی	50 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔ ائیر ٹائٹ جار شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام

طریقہ استعمال: صبح شام مناسب بدرقہ سے استعمال کروائیں۔

فوائد: گردے کی پتھری میں مریضوں پر استعمال کروایا گیا۔ بہترین رزلٹس ملے ہیں۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم کلیم اللہ کھوکھر صاحب
صوئے آصل۔ لاہور 0300-4294718

جریان، احتلام، سرعت انزال، مولد منی و مغلظ منی

اجزاء و اشیاء:

نمک برگد	20 گرام
نمک پیپل	20 گرام
نمک بیری	20 گرام
نمک ببول	20 گرام
نمک بھنگ	20 گرام
تخم کونچ مدبر در دودھ گائے + دیسی گھی	125 گرام
سفوف چھلکا جڑ اسگند دیسی	125 گرام
گوکھرو مدبر در دودھ گائے	125 گرام
سونٹھ مدبر در دودھ گائے	125 گرام

ترکیب تیاری: تمام کا سفوف کر کے کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائے۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام سے 1000 ملی گرام

طریقہ استعمال: ہمراہ نیم گرم دودھ

فوائد: قطرے، جریان، احتلام، سرعت انزال کے لئے لاجواب مرکب ہے۔
مولد منی ہے مادہ تولید بکثرت پیدا کرتا ہے۔
مغلظ منی ہے مادہ تولید کو گاڑھا کرتا ہے اور طبعی امساک پیدا کرتا ہے۔

پرہیز: تمام بازاری کھانے، تیز مرچ مصالحہ، فاسٹ فوڈز، سرخ مرچ، کولڈ ڈرنک، چائے، سموسے، پکوڑے وغیرہ ان سے مکمل پرہیز کریں۔

خوراک: کھانے میں حلوہ کدو دیسی گھی میں بنا کر استعمال کریں۔
اسبغول کی کھیر بنا کر کھائیں۔
تازہ موسمی پھلوں کا جوس پئیں۔
سبزیوں میں گھیا کدو، بھنڈی توری، کالے چنے، دال مونگ ماش اور چھوٹا گوشت استعمال کریں۔
گوشت کدو اکٹھا پکوا کر کھائیں۔
مربہ گاجر اور مربہ آملہ کھائیں۔
روزانہ ایک گلاس نیم گرم دودھ لازمی پئیں۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم محمد احمد صاحب

دمہ، کھانسی، بلغم اور بخار کے لئے

اجزاءواشیاء:	لونگ	50 گرام
	دار چینی	50 گرام
	جائفل	50 گرام
	جلوتری	50 گرام
	فلفل دراز	50 گرام
	پیپلا مول	50 گرام
	قسط شیریں	50 گرام
	کشتہ گئو دنتی	25 گرام
	کشتہ بارہ سنگھا	25 گرام
	نمک مدار	15 گرام
	نمک چرچٹہ	15 گرام
	نمک جوز ماثل	15 گرام
	نمک تمباکو	15 گرام

ترکیب تیاری: سارے اجزاء الگ الگ فائن پاؤڈر سفوف کر کے آخر میں نمکیات ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔

ائیر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام ہمراہ مناسب بدرقہ صبح دوپہر شام شام استعمال کروائیں۔

فوائد: دمہ، کھانسی، بلغم اور بخار کے لئے مجرب المجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم محمد عزیز نقشبندی صاحب

کے پی کے 0345-5331018

www.tabeebpedia.com

بارائی بواسیر و مصفی خون

اجزاء واشیاء:

نمک بکائن	20 گرام
نمک نیم	20 گرام
نمک نگند بابری	20 گرام
نمک لیدھا بوٹی	20 گرام
شاہترہ	100 گرام
عشبہ	100 گرام
چرائتہ نیپالی	100 گرام
بابچی	50 گرام
پوست ریٹھہ	100 گرام
رسونت خانہ ساز	50 گرام
مصبر	15 گرام
چاکسو	50 گرام
تخم سرس	100 گرام
گل منڈی	100 گرام

ترکیب تیاری: سارے اجزاء الگ الگ فائن پاؤڈر سفوف کر کے آخر میں نمکیات ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔

ائیر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام ہمراہ مناسب بدرقہ صبح دوپہر شام شام استعمال کروائیں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔

بواسیر کے لئے معمول مطب اور مجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم محمد عزیز نقشبندی صاحب

کے پی کے 0345-5331018

www.tabeebpedia.com

شوگر خاص سفوف

اجزاء و اشیاء:

مغز کرنجوہ	100 گرام
مغز نیم	100 گرام
تخم حیات	100 گرام
اندر جو تلخ	100 گرام
گڑمار بوٹی	100 گرام
پودینہ خشک	100 گرام
اجوائن	100 گرام
ادرک پاؤڈر	100 گرام
نمک دھماسہ	20 گرام
نمک زیتون	20 گرام
نمک افسنتین	20 گرام
نمک حرمل	20 گرام
نمک گاجر بوٹی	20 گرام

ترکیب تیاری: سارے اجزاء الگ الگ فائن پاؤڈر سفوف کر کے آخر میں نمکیات ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔

ایئر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک چھوٹا چمچ ہمراہ تازہ پانی صبح دوپہر شام استعمال کروائیں۔

فوائد: شوگر کے لئے معمول مطب اور مجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم محمد عزیز نقشبندی صاحب

کے پی کے 0345-5331018

www.tabeebpedia.com

شاہی مغلظ سفوف

اجزاء و اشیاء:

ستاور	100 گرام
تالمکھانہ	100 گرام
موصلی سفید	50 گرام
ثعلب پنجہ	50 گرام
پھول مکھانہ	50 گرام
تخم ریحان	50 گرام
سمندر سوکھ	100 گرام
تخم لاجونتی	100 گرام
نمک بھنگ	10 گرام
نمک بوہڑ	10 گرام
نمک پیپل	10 گرام
نمک جوزماثل	10 گرام
نمک ببول	10 گرام
کشتہ سہہ دھاتہ	20 گرام

کشتہ نقرہ	10 گرام
کشتہ قلعی	10 گرام
کشتہ فولاد	10 گرام
کشتہ بیضہ مرغ	80 گرام
کشتہ مرجان	20 گرام

ترکیب تیاری: سارے اجزاء الگ الگ فائن پاؤڈر سفوف کر کے آخر میں نمکیات اور کشتہ جات ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔
ائیر ٹائٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام سے ایک گرام تک

طریقہ استعمال: ہمراہ نیم گرم دودھ سے صبح شام کھانے کے دو گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال کے لئے معمول مطب اور مجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم محمد عزیز نقشبندی صاحب
کے پی کے 0345-5331018

پتہ میں پتھری کے اخراج کے لئے

اجزاءواشیاء:	نمک گلاب	10 گرام
	نمک خربوزہ	20 گرام

ترکیب تیاری: دونوں نمکیات ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام کیپسول

طریقہ استعمال: ہمراہ مکوہ سونف سفید زیرہ کے قہوہ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

فوائد: پتہ کی پتھری کا اخراج کے لئے بہترین اور مجرب دوا ہے۔

عطیہ نسخہ: محترم حکیم بابر علی سولنگی صاحب
الفیض یونانی شفاخانہ۔ کوٹری
0300-2385424

ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے کے لئے اور درد کے لئے مجرب

☆ نسخہ نمبر 1

اجزاء و اشیاء: رال سفید 1 تولہ

کوئلہ پتھر 1 تولہ

کچے دیسی انڈے کی صرف سفیدی ایک عدد

ترکیب تیاری: دونوں اجزاء فائن پاؤڈر کر کے انڈے کی سفیدی ملا کر خوب کھرل کریں۔
ایک جان ہو جائے تو چنے برابر گولی بنالیں۔

طریقہ استعمال: صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ نیم گرم دودھ سے دیں۔

ضروری نوٹ: ٹوٹی ہوئی ہڈی پہلے جوڑ صحیح لگوا کر پھر یہ شروع کروائیں۔
یعنی پہلے ہڈی کا جوڑ لگوالیں اس کے بعد یہ گولیاں استعمال کروائیں۔

فوائد: ہڈی کو جوڑنے کے لئے بہترین ہے
ایک ہفتہ استعمال کافی ہے۔

ساتھ درد کے لئے بطور پین کلر مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کروائیں۔

☆ نسخہ نمبر 2

درد کے لئے پین کلر

اجزاء واشیاء:	نمک اسگندھ	1 تولہ
	نمک کنڈیارہ	1 تولہ
	نمک ہلدی	1 تولہ

ترکیب تیاری: تینوں نمکیات ملا کر اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو سے چار چاول

طبیب مقدار خوراک کم یا زیادہ کر سکتا ہے۔

مجرب ہے اور بہترین کام کرتا ہے۔

عطیہ نسخہ: استاد محترم حکیم اسلام مغل صاحب

دعا گو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

بھوک کی کمی کے لئے

اجزاءواشیاء:	نمک بھنگ ورق الخیال	20 گرام
	اجوائن دیسی مصفی	100 گرام

ترکیب تیاری: اجوائن کا سفوف کرکے کپڑ چھان کرلیں اور نمک بھنگ ملا کر کھرل میں
ڈال کر اتنا کھرل کریں۔ایک جان ہو جائے تو تیار ہے
شیشے کے ایئر ٹائٹ جار میں محفوظ کرلیں۔

طریقہ استعمال: 500 ملی گرام کا کیپسول صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: مشتہی ہاضم ہے۔
بھوک خوب لگاتا ہے۔

عطیہ نسخہ: استاد محترم حکیم اسلام مغل صاحب

دعاگو: حکیم معظم علی ممبر یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

امراض گردہ

اجزاءواشیاء:	نمک خربوزہ	30 گرام
	نمک مولی	30 گرام
	نمک انگور	20 گرام
	نمک گوکھرو	30 گرام
	نمک لیموں	20 گرام
	نمک بھٹہ مکئی	20 گرام

ترکیب تیاری: تمام نمکیات کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ ایک جان ہو جائے۔ تیار ہے۔ شیشے کے ائیر ٹائٹ جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام سے 250 ملی گرام تک

طریقہ استعمال: ہمراہ کچی لسی یا قہوہ سے دیں۔

قہوہ کا نسخہ درج ذیل ہے۔

قہوہ

اجزاءواشیاء: گوکھرو
دال کلتھی
سرپھوکہ
کاسنی
چھلکاخربوزہ یا تخم خربوزہ
مکئی کے بال

ترکیب تیاری: سب برابروزن کاقہوہ بناکراس سے دیں۔

فوائد: گردوں کے تمام امراض کاحامل نسخہ ہے۔
زبردست رزلٹ کاحامل ہے۔
میرے مطب کی زینت ہے۔
میراذاتی مجرب ہے۔

عطیہ نسخہ: سنیاسی معالج محترم صفت اللہ فیضی
تحصیل پبی ضلع نوشہرہ 0313-9034029

نمک کچری کے فوائد

- ☆ نمک کچری موٹاپا ختم کرتا ہے۔
- ☆ پیٹ کی چربی کم کرتا ہے۔
- ☆ معدہ میں تعفن کو ختم کرتا ہے۔
- ☆ ہاضم طعام ہے۔
- ☆ گوشت کو گلاتا ہے۔
- ☆ گردہ مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہے۔

موٹاپا کے لئے نسخہ

اجزاء واشیاء:	نمک کچری	20 گرام
	اجوائن دیسی	100 گرام
	لاکھ جڑبیری	100 گرام
	تخم سداب	100 گرام

ترکیب تیاری: تینوں جڑی بوٹیاں پیس کر سفوف کرلیں۔ آخر میں نمک کچری شامل کرکے اتنا کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے۔ تیار ہے۔
شیشے کے ایئر ٹائٹ جار میں محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام

طریقہ استعمال: صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کروائیں۔

فوائد: موٹاپہ پر زبردست کام کرتا ہے۔

عطیہ نسخہ: استاد محترم حکیم اسلام مغل صاحب

کریر کا پودا یا کریر کے نمک سے
گینگرین اور ہڈیوں کے کینسر (بون میرو) کا شافی علاج

کریر کے پودے کے تمام اجزاء کو جلا کر راکھ بنائیں اور حسب ترکیب نمک حاصل کریں۔
ہڈی کے ہر مرض پر میرے استعمال میں ہے۔
آپ لوگ حیران ہوں گے کہ
اس کے نمک کو شہد میں ملا کر لیپ کرنے سے
ذیابیطس کے مریضوں کے گینگرین اور ہڈیوں کے کینسر کا شافی اور مکمل علاج کر چکا ہوں۔

اس مرض گینگرین پر میری تیئیس سالہ پریکٹس کے دوران اس سے بہتر کوئی دوا میرے
مشاہدے میں نہیں
اسی دوران مریض کو اچھا سا
سنکھ بھی کھانے کے لئے دیا جائے تو بہتر ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم حافظ محمد شہزاد صاحب

روشن دماغ

اجزاء واشیاء:	نمک برہمی	1 تولہ
	نمک سونف	1 تولہ
	نمک ترپھلہ	1 تولہ
	کشتہ چاندی	1 گرام

ترکیب تیاری: تمام نمکیات کو مکس کر کے خوب کھرل کریں
120 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں اور
ایک چاول کشتہ چاندی ہر کیپسول میں ڈالیں۔

طریقہ استعمال: صبح نہار منہ ایک کیپسول ہمراہ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار استعمال کریں۔

فوائد: پندرہ خوراکوں میں حافظہ مثل کمپیوٹر بناتا ہے۔
دماغی تھکاوٹ سر درد ان سب کو اکسیر اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم یاسین احمد صاحب

پرانی کھانسی اور دمہ کی تیر بہدف دوا

اجزاءواشیاء:	نمک مدار	1تولہ
	نمک ڈھاک	2تولہ
	نمک بانسہ اڑوسہ	4تولہ
	نمک چرچٹہ	8تولہ
	نمک کیلا	16تولہ

ترکیب تیاری: تمام نمکیات کو مکس کر کے خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں۔ شیشے کے ائیر ٹائٹ جار میں محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: بڑوں کو دو رتی اور بچوں کو ایک رتی شہد یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: پرانی کھانسی اور دمہ کی تیر بہدف دوا ہے۔
تلی اور باؤ گولہ کے لئے مفید ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

محترم حکیم سید مبشر علی صاحب

مختلف نمکیات کے استعمال

جو کھار

پیشاب آور ہوتا ہے۔

گردے اور مثانے کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتا ہے۔

پیشاب کی نالی کی خراش دور کرتا ہے۔

بھنگ کا کھار

سرد خشک مزاج ہے۔

یہ کھار شدید بھوک لگاتا ہے اور دنوں میں وزن بڑھ جاتا ہے۔

پٹھکنڈا کا کھار

یہ کھار بلغم کو خارج کرنے میں ثانی نہیں رکھتا۔

اس میں سم الفار بہترین مومیہ بنتی ہے جو کہ رسائن بدن ہوتی ہے۔

مرچ کا کھار

محرک باہ ہوتا ہے اور اس نمک میں شنگرف بہت بہترین بنتی ہے۔

اس میں ہڑتال ورقیہ اکثیری کشتہ ہوتی ہے۔

مہندی کا کھار

یہ پیشاب کی جلن اور پیلا یرقان میں موثر ہوتا ہے۔

دھریک بکائن کا کھار

یہ کھار دھریک یا بکائن کے پھل (دھرکونے) کو جلا کر بنایا جاتا ہے۔

یہ قبض کشا ہوتا ہے اور بواسیر کے لئے تریاق ہوتا ہے۔

برگ بانسہ کھار

کھانسی اور بلغم کا بہترین علاج ہے۔

اک مدار کا کھار

بلغم کو پتلا کر دیتا ہے۔ پھیپھڑوں میں جم جانے والا مواد خارج کر دیتا ہے۔

بانسہ اور مدار کا کھار ملا کر استعمال کرنے سے دمہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔

گڈون گلو کا ست

گلو کا جلائے بغیر ست حاصل کیا جاتا ہے جو کہ اس کی بیل کو پانی میں ابال کر مقطر لے کر خشک کیا جاتا ہے تو حاصل ہوتا ہے۔

یہ ست گلو بخاروں میں موثر ہوتا ہے۔

کالے یرقان کو ٹھیک کرتا ہے۔

کینسر کے اثرات کو روک دیتا ہے اور چنبل کے لئے مؤثر ہے۔

پیپل کا نمک

یہ نمک خون کے سرخ خلیات بڑھا دیتا ہے۔ قدرتی طور پر اس میں فولاد پایا جاتا ہے جو کہ بہت لطیف ہوتا ہے۔

اس نمک میں پارہ رکھ کر دود کو مینگنیوں کی آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے

اس میں شنگرف سفید ہو جاتی ہے جو کہ اکثیر ہوتی ہے۔ اور

اس میں بننے والی ہڑتال ورقیہ ہی دراصل ہڑتال ہوتی ہے۔

مولی کا نمک

یہ بہترین قسم کا ہاضم ہوتا ہے اور تبخیر معدہ وامعاء کا علاج ہے۔ قبض کشا ہوتا ہے۔

کدو پیٹھا کا کھار

یہ کھار پتھری توڑ کر خارج کر دیتا ہے۔ پیشاب آور ہے اور پاؤں کے جلنے میں موثر ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم سید مبشر علی صاحب

مدنی ہربل دواخانہ واہ کینٹ

www.tabeebpedia.com

کھار نمک بھنگ

ایک محنت سے تیار کردہ قیمتی دوا

کھار نمک بھنگ ایک مؤثر اور آزمودہ مفرد ہے جو کئی اہم فوائد رکھتی ہے۔

ممسک ہے

یعنی جریان منی، جریان مذی اور سرعت انزال جیسے مسائل میں مفید ہے۔

اعضائے جنسی کی کمزوری کو دور کرتی ہے اور ان کی کارکردگی کو بہتر بناتی ہے۔

کثرت حیض

کثرت حیض (زیادہ ایام حیض) کو روکتی ہے اور اس مقصد کے مختلف مرکبات میں استعمال کی جاتی ہے۔

مغلظ منی ہے

یعنی منی کو گاڑھا کرتی ہے، البتہ پیدا نہیں کرتی۔

وائے سپرم کو بڑھاتی ہے، یعنی نطفہ کے خلیات کی قوت ور فتار میں اضافہ کرتی ہے۔

ہم اسے جواہر مہرہ اور آرسینک جیسے اہم مرکبات کے ساتھ استعمال کرتے ہیں تاکہ اس کے اثرات مزید مؤثر ہوں۔

اعلیٰ معیاری کشتہ قلعی

اس نمک سے تیار ہونے والی قلعی ایک انتہائی ممسک کشتہ ہوتی ہے جو نمک بھنگ اور سم الفار کے ذریعے تیار کی جاتی ہے۔

طریقہ تیاری

یہ دوا بہت محنت اور احتیاط سے تیار کی جاتی ہے۔

طالب دعا: محترم حکیم مصعب علی صاحب۔ لاہور

معظم علی فریش ہربل نمکیات سپلائر

ہمارے ہاں تازہ فریش جڑی بوٹیوں کے نمک کھار آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔

اطباء کرام کے لئے اس کے علاوہ تازہ شیر مدار اک کا دودھ سپلائی کیا جاتا ہے۔۔

تازہ جڑی بوٹیوں کا مصفی پانی

تازہ ہلدی ثابت اور خشک ہلدی سفوف

سونٹھ مدبر در دودھ گائے

گوکھرو مدبر در دودھ گائے + دیسی گھی

کونچ مدبر ماش + دودھ گائے + دیسی گھی

گندھک مدبر دودھ گائے + دیسی گھی + گھیکوار

اذراقی کچلہ مدبر در گھیکوار + ادرک + دیسی گھی

بچھناک میٹھا تیلیہ مدبر در دودھ گائے

سنکھ سپیشل خانہ ساز

ست گلو خانہ ساز

جو کھار خانہ ساز

رسونت خانہ ساز

تمام قسم کی جڑی بوٹیوں کے نمکیات دیگر تمام اجزا

صرف آرڈر پر تیار کیے جاتے ہیں۔

تمام ہربل نمکیات وادویات میں استعمال ہونے والی چیزیں جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔

صرف کوالیفائیڈ رجسٹرڈ طبیب حکماء اطباء کرام کو سیل کیا جاتا ہے۔

اس لئے سب سے گزارش ہے کہ غیر طبیب دور رہیں۔

اپنا اور اپنی صحت کا خیال رکھیں۔

ضرورت مند اطباء کرام رابطہ فرماسکتے ہیں۔

حکیم معظم علی 0302-2311487

سرپرست اعلیٰ زیر نگرانی

استاد محترم حکیم محمد اسلام مغل صاحب 0300-4117450

اسلام دواخانہ کالج روڈ نارنگ منڈی

آپ دوستوں کی دعاؤں کا طالب

محترم معظم علی صاحب 0302-2311487

ضلع قصور تحصیل چونیاں ٹھینگ موڑ الہ آباد

آخر میں میری تمام اطباء کرام حکما دوست احباب سے گزارش ہے کہ جو بھی میر اطبیب بھائی اس کتاب سے مستفید ہو فائدے اٹھائے تو وہ خصوصی طور پہ اللہ پاک کی بارگاہ میں ہاتھ اٹھا کر میرے استاد محترم **حکیم محمد اسلام مغل صاحب** کے لئے دعائے خیر فرمائے۔ ان کی صحت سلامتی کی دعا فرمائیں۔ اللہ پاک ان کو سلامت رکھے انکا سایہ قائم رکھے اور ہم یونہی فیض یاب ہوتے رہیں کیونکہ یہ سب علم میرے استاد محترم کا عطا کردہ ہے یہ سارا علم انہی کی دین ہے وہی آپ دوستوں کے ساتھ شئیر کیا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ میرے بہت پیارے اطباء کرام دوستوں نے بھی اپنا علم شئیر کیا ہے ان کا شئیر کردہ علم بھی اس میں شامل ہے۔ تمام دوست ان کو اور اپنے بھائی **معظم علی** اور خصوصی طور پر میرے والدین کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ ہمارے لئے بھی دعائے خیر فرمائیں۔

اور خصوصی دعاؤں کا حقدار محترم **حکیم غلام عباس صاحب** جنہوں نے اس سارے علم کو ایک کتاب کی شکل میں یکجا کیا اور اس کی بہترین پی ڈی ایف تشکیل دی۔

اللہ پاک حکیم غلام عباس صاحب کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت دے۔

امید ہے تمام دوستوں کو ہماری یہ کاوش پسند آئے گی۔

اللہ پاک اس کاوش کو ہمارے لئے، ہمارے والدین اور اساتذہ کرام کے لئے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین ثم آمین یارب العالمین۔